Status of province-wise foreign aid/ assistance/ loan received/negotiated for various projects by the Government, during the last two years is annexed.

(Annexure has been placed on the Table of the House as well as Library.)

Mr. Presiding Officer: Any supplementary. Yes, Senator Kalsoom Parveen Sahiba.

سینیٹر کلثوم پروین: جناب! اس پر میرے بہت سے supplementary questions بنتے ہیں لیکن میں کوشش کروں گی کہ ایک supplementary question کروں جس کا وزیر صاحب جواب دیں۔ جناب! ہم نے foreign grants and loans کا پوچھا تھا، یہ 4137.051 ہیں۔ وزیر خزانہ کی کوشش سے ہمیں زیادہ تر grants ملی ہیں اور loans کم لیے گئے ہیں۔ جناب چیئرمین! میرا سوال یہ ہے کہ آپ نے اتنی زیادہ grant لی ہے، آپ آخری صفحے پر دیکھیں تو اس میں جو بلوچستان، آواران کو حصہ دیا گیا ہے، وہ نہ ہونے کے برابر ہے۔ آپ اس کو دیکھ لیں کہ انہوں نے 21.4 اور 0.5 دیا ہے millions of dollar grant میں سے بلوچستان کا حصہ نہ ہونے کے برابر ہے۔ اتنی بڑی amount ملنے کے بعد بہت تھوڑی سی رقم بلوچستان کی development پر خرچ ہو گی۔ سب سے بڑی بات یہ ہے کہ یہ loan نہیں grant ہے۔ انہوں نے ایک بڑی اچھی کاوش کی مگر بلوچستان کو نظر انداز کیا گیا۔ صرف آواران کے ضلع میں بہت تھوڑی سی زیرے کے برابر amount خرچ کی گئی۔ بلوچستان کو under developed and backward or needy area ہونے کے باوجود اس کو اس grant or loan میں کیوں شامل نہیں کیا گیا جو کہ ہماری ضرورت ہے اور یہ ہونا چاہیے تھا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: معزز وزیر صاحب۔

جناب شاہد خاقان عباسی: جناب! میں floor of the House پر کہنا چاہتا ہوں کہ جتنا بلوچستان کے لیے اس حکومت نے کیا ہے اور کر رہی ہے، شاید ماضی میں کسی حکومت نے نہیں کیا۔ آپ اس کی details standing committee یا House میں مانگ لیں، انشاء اللہ مہیا کر دی جائیں گی۔ یہ loans and grants جو تقریباً 11.7 billion dollars کی ہیں، ان میں سے بھی ایک بڑی رقم بلوچستان کے لیے ہے۔ مثلاً گوادر میں ایک airport ہے، ایک LNG Terminal ہے، pipelines ہیں، جو اس list میں شامل نہیں ہیں، گوادر کی پوری development ہے اور وہ ایک modern and industrial city بن رہا ہے۔

اسی طرح چند دن پہلے ہم نے ایک Chinese company سے بات کی ہے، بلوچستان میں ایک Petro Chemical Complex بھی لگ رہا ہے اور بہت سی ایسی چیزیں ہیں جیسے highways, motorways اور CEPC کے projects ہیں۔ ایسی کوئی بات نہیں کہ بلوچستان کو کہیں نظر انداز کیا گیا ہو۔ آوارن میں صرف ہماری ministry نے پچاس کروڑ سے زیادہ کی مالیت کا gas plant لگایا ہے تاکہ وہاں کے عوام کو گیس مل سکے۔ اس کے علاوہ بھی وہاں پر بہت سی development ہو رہی ہے۔ آپ یہ فکر نہ کریں کہ بلوچستان کو neglect کیا گیا ہے۔ اگر آپ share کے حساب سے دیکھیں تو بلوچستان کا share بہت زیادہ بنتا ہے کیونکہ وہاں پر ضرورت زیادہ ہے۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ مشہدی صاحب۔

Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi: Thank you. I would like to ask the honourable Minister کہ آپ دونوں ہاتھوں سے loans لیتے جا رہے ہیں جبکہ loans پہلے بھی ہیں اور ہم IMF کے آگے پھنسے ہوئے ہیں۔ اس سے پہلے بھی ہمارا debt چالیس، پچاس سال سے accumulate ہوتا جا رہا ہے تو یہ ہماری آنے والی نسلوں نے ادا کرنا ہے۔ کیا حکومت نے کوئی repayment plan بنایا ہے؟ آپ لوگوں نے envisage کیا ہے کہ آپ یہ کیسے واپس کریں گے یا آپ کی وہی policy ہے کہ لیتے جاؤ اور جب وہ مانگیں تو کہیں کہ 'ہمت ہے تے لے کے وکھاؤ'۔ What is your policy?

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: وزیر صاحب۔

جناب شاہد خاقان عباسی: جناب! سینیٹر صاحب نے ایک بنیادی سوال کیا ہے اور میں یہی جواب دوں گا کہ یہ جو loans and grants ہیں، ان میں one third grants and two third loans ہیں۔ کسی بھی ملک کی economic development کے لیے loans ضروری ہیں کیونکہ کوئی بھی ملک اپنے resources سے grow نہیں کرتا، loans لے کر invest کرتا ہے تو اس investment سے returns آتی ہیں جن سے ملک grow کرتا ہے اور loan repay ہوتا ہے۔ یہی اصول یہاں پر اپنایا گیا ہے۔ اس حکومت اور ماضی کی حکومتوں میں فرق application of that loan ہے کیونکہ پہلے physical support and budgetary support کے لیے loans لیے جاتے تھے، اب وہ infrastructure projects کے لیے ہیں جو خود اپنا revenue generate کریں گے اور اس سے loan repay ہو گا، ملک میں jobs create ہوں گی، economy grow کرے گی اور انشاء اللہ ملک کی economic growth بھی ہو گی۔

Mr. Presiding Officer: Thank you. Last supplementary, Kakar Sahib.

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: شکریہ۔ ایک تو وزیر صاحب گوادر کا کہہ رہے ہیں۔ گوادر بلوچستان کے لیے نہیں ہے، اس پر سب متفق ہیں بلکہ پاکستان کے لیے بھی نہیں ہے، دوسروں کے لیے ہے۔ لہذا آئندہ کے لیے گوادر کے funds بلوچستان کے کھاتے میں مت ڈالیں۔ گوادر کے علاوہ وہ جو ہمیں دیں گے، ہم اس کو count کریں گے۔ دوسری بات یہ ہے کہ یہ لوگ ہمارے حقوق تو نہیں دے رہے بلکہ باہر سے جو خیرات یا grants آتی ہیں، وہ بھی نہیں دیتے، آپ اس کو check کر لیں۔ ان لوگوں نے loans and grants کے زیادہ funds federal کے لیے رکھے ہیں، federal means پنجاب کے لیے ہیں۔ ہمیں بتادیں کہ گوادر کے علاوہ بلوچستان کے لیے کتنا loan and grants, FATA میں کتنا loan and grant ہے۔ میرا سوال یہ ہے کہ گوادر کے علاوہ یہ ہمیں بتادیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: معزز وزیر صاحب، آپ اس بارے میں کچھ کہیں گے۔

جناب شاہد خاقان عباسی: جناب! میں یہ کہوں گا کہ یہ بات مناسب نہیں ہے۔ اٹھارھویں ترمیم کے بعد بھی اس قسم کی بات کرنا کہ یہ لوگ اور فلاں لوگ، یہاں یہ لوگ اور فلاں لوگ کی بات نہیں ہے، ملک کی بات ہے جو federal projects ہیں، ان سے سارا پاکستان مستفید ہوتا ہے۔ اگر سینیٹر صاحب population یا کسی اور بنیاد پر share کے بارے میں بات کرتے ہیں تو اس پر بھی بات ہو سکتی ہے۔ ہر چیز record پر موجود ہے۔ وفاقی حکومت جب بھی کوئی کام کرتی ہے، وہ پورے ملک کے لیے کرتی ہے، کسی صوبے کے لیے نہیں کرتی اور کوشش یہ ہوتی ہے کہ پورے ملک کی development ہو۔ اس میں بلوچستان بھی شامل ہے۔ گوادر میں investment آ رہی ہے، بلوچستان کی development کے لیے یہ ایک بڑا نادر موقع ہے۔ شاید پاکستان میں اتنی بڑی investment نہیں ہو گی جتنی گوادر میں ہو گی اور اس سے صوبہ بلوچستان بھی grow کرے گا۔ میری گزارش یہ ہے کہ چیزوں کو ان کے context میں لینا چاہیے۔ اٹھارھویں ترمیم کے بعد شاید اب ان باتوں کی گنجائش نہیں رہی جو ابھی اس floor پر کی گئی ہیں۔

Mr. Presiding Officer: Thank you. Next question Senator Mohsin Aziz Sahib. Senator Mohsin Aziz Sahib is not present. So, the answer is laid on the table of the House.

*Question No. 61. Senator Mohsin Aziz: Will the Minister for Finance, Revenue, Economic Affairs, Statistics and privatization be pleased to state whether it is a fact that the process of privatization of the Pakistan Steel Mill is being undertaken by the Government, if so, the reasons of disconnection of its natural gas connection which would cause the proceeds from the said privatization bound to be less as it would be considered a closed unit?

Senator Mohammad Ishaq Dar: Yes, it is a fact that the process of privatisation of Pakistan Steel Mills (PSM) is being undertaken by the Government.

The Council of Common Interests (CCI), *vide* its decisions dated May, 1997 and August, 2006, has twice approved the privatisation of the PSM. Similarly, the Cabinet Committee on Privatisation (CCOP) in its meeting held on October 03, 2013 also approved the privatisation of PSM. Subsequently, pursuant to the approval of the PC Board dated July 22, 2014, the Financial Advisor (FA) for the privatisation of the PSM was appointed in April, 2015.

PSM has suffered huge losses and its accumulated liabilities stand at approximately PKR 130 billion as on June, 2015. This figure includes liabilities of approximately PKR 35 billion of the Sui Southern Gas Company Limited (SSGCL). Owing to these liabilities, the SSGCL in March, 2015, disconnected the gas supply to PSM and have demanded the outstanding liabilities to be cleared before restoring of the gas supply.

The Privatisation Commission in collaboration with the Ministry of Industries and Production and Ministry of Petroleum and Natural Resources is actively trying to resolve this issue at the earliest and have the gas restored to PSM for it to become a going concern before the sell off.

Mr. Presiding Officer: Next Question No. 62, Senator Mohsin Aziz Sahib is not present.

*Question No. 62. Senator Mohsin Aziz: Will the Minister for Finance, Revenue, Economics Affairs, Statistics and Privatization be pleased to state:

(a) the number of projects, firms, partially or fully privatized since the year 2013 to date;

(b) the names of the firm / company to whom the above said projects and firms were sold during the said period; and

(c) the proceeds received in respect of the above said privatization in each case separately?

Senator Mohammad Ishaq Dar: (a, b, c) The details of the privatisation transactions conducted since the year 2013 to date is at Annex-A.

Annex-A

Completed Privatisation Transactions since 2013 to date

Sr. #	Transaction	Transaction Completion Date	Mode of Privatisation	Buyer[s]	Revenues raised PKR [billion]
1.	UBL [~20% GoP Shares (241,921,931 shares)]	June 2014	Capital Market Transaction	Strategic Investors	38.2
2.	PPL [~5% GoP Shares (70,055,000 shares)]	June 2014	Capital Market Transaction	Strategic Investors	15.4
3.	ABL [~10% GoP Shares (131,275,073 shares)]	December 2014	Capital Market Transaction	Strategic Investors	14.4
4.	HBL [~42% GoP Shares (609,317,135 shares)]	April 2015	Capital Market Transaction	Strategic Investors	102.4
5.	NPCC [88% GOP shares (1,760,000 shares)]	August 2015	Strategic Sale	Mansoor Al Mosaid Company, Saudi Arabia	2.5
				Grand Total	**172.9***

* *Includes foreign proceeds of US$1,124 million and PKR 15.4 billion.*

Mr. Presiding Officer: Next Question No. 63, Senator Karim Ahmed Khawaja Sahib.

*Question No. 63. Senator Karim Ahmed Khawaja: Will the Minister for Finance, Revenue, Economic Affairs, Statistics and Privatization be pleased to state the number of Commercial Bank branches established in all provinces indicating also the number of the branches of the said Banks established in the rural areas of the country with province-wise break up?

Senator Mohammad Ishaq Dar: Number of Commercial Bank branches established in all provinces indicating also the number of the branches of the said Banks established in the rural areas of the country with province-wise break up is as follows:

Province	**Total commercial bank branches**	**Number of Branches in Rural/Underserved Areas**
Punjab	6,560	1,898
Khyber Pakhtunkhwa	1,278	480
Sindh	3,197	409
Azad Jammu Kashmir	441	200
Balochistan	451	90
Gilgit Baltistan	99	49
FATA	60	39
Federal Capital	443	13
Total:	**12,529**	**3,178**

Mr. Presiding Officer: Any supplementary? Yes, Senator Karim Ahmed Sahib.

سینیٹر کریم احمد خواجہ: جناب! میں نے اس میں پوچھا ہے commercial banks تو انہوں نے 12529 کی figure دی ہے۔ آپ دیکھیں تو اس میں خیبر پختونخوا میں 1278 اور

سندھ میں 3197 ہے مگر سوال ہے number of branches in rural under served area ان دونوں صوبوں میں دیکھیں تو proportion بہت کم آتا ہے۔ Federal Capital میں بھی بہت کم ہے، اگر پنجاب، آزاد کشمیر، بلوچستان، گلگت بلتستان، فاٹا سے compare کریں تو خیبر پختونخوا اور سندھ اتنے disproportionate کیوں ہیں؟ Commercial banks تو بہت ہوتے ہیں صرف وہی نہیں ہیں۔ Private and non-private بھی ہیں۔

Mr. Presiding Officer: Thank you. Honourable Minister Sahib.

جناب شاہد خاقان عباسی: جناب! commercial banks private sector میں ہیں۔ صرف National Bank state owned ہے۔ State Bank کی regulation ہے کہ کم از کم 20% branches rural area میں ہونی چاہییں۔ اس وقت شرح آ رہی ہے کہ تقریباً 25% branches rural areas میں ہیں۔ اس میں کوئی provincial قید نہیں ہے کہ ہر صوبے کا bank کی branches میں share ہو گا۔ جہاں پر کاروبار زیادہ ہو، وہاں bank branches کھل جاتی ہیں۔ یہ market کا اصول ہے ورنہ وہ bank branches profitable نہیں ہوتیں اور اس کا نہ consumer کو فائدہ ہوتا ہے اور نہ ہی banks کو ہوتا ہے۔ Branches اسی طریقے سے کھولی جاتی ہیں لیکن State Bank کے regulations سارے banks meet کر رہے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ میر کبیر صاحب۔

سینیٹر میر کبیر احمد محمد شہی: شکریہ، جناب چیئرمین! سب سے پہلے تو میں آپ کو مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ آپ as a Chairman, chair پر تشریف فرما ہیں۔ میرا ضمنی سوال بھی خواجہ صاحب کے ضمنی سوال سے ملتا جلتا ہے، تھوڑا مختلف اس حوالے سے ہے کہ 44% area of Pakistan, Balochistan ہے اور آبادی بالکل منتشر ہے۔ یہ فہرست آپ کے پاس بھی پڑی ہوئی ہے آپ دیکھ رہے ہیں کہ 455 کمرشل برانچیں ہیں اور 99 rural areas میں ہیں۔ جتنے بنک پہلے بن رہے تھے وہ بھی بند ہونے شروع ہو گئے ہیں۔ فرض کریں سوراب میں نیشنل بنک بند ہوا تھا اور ڈسٹرکٹ قلات میں بھی نیشنل بنک بند ہوا تھا۔ ابھی ہماری کوششوں سے دوبارہ ایک کو کھولا ہے

اور ایک کو کھولنے کا وعدہ کیا ہے۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ محترم وزیر صاحب یہ بتانا پسند فرمائیں گے کہ ان بنکوں پر ان کا کیا کنٹرول ہے جب کہ وہاں لوگوں کی ضرورت ہے، بے شک آبادی کم ہے لیکن ان کی زندگی کی یہ ایک اہم ضرورت بن چکی ہے، لوگوں کو facilitate کرنے کے لیے ان کا کیا کردار ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی منسٹر صاحب۔

جناب شاہد خاقان عباسی: جناب چیئرمین! بنیادی طور پر جو banks ہیں وہ وہیں پر کھلتے ہیں جہاں پر ان کو کاروبار میسر ہوتا ہے ورنہ اگلا سوال یہ آئے گا کہ نیشنل بنک کو loss کیوں ہوا۔ کوشش یہ ہوتی ہے کہ جہاں پر bank profitably operate کر سکیں، جہاں پر کاروبار ہو وہاں پر بنکوں کی برانچیں ہوں لیکن اگر کچھ ایسے علاقے ہیں جہاں پر کسی بنک کی کوئی برانچ نہیں ہے وہاں پر ضرورت ہے تو definitely اس کو consider کیا جائے گا۔ ہم کمرشل بنکوں سے بھی request کر سکتے ہیں اور نیشنل بنک کو بھی کہہ سکتے ہیں کہ وہاں پر برانچیں کھولیں لیکن banking system میں technology کی وجہ سے بے پناہ تبدیلیاں آچکی ہیں، ان میں ATM machines ہیں، mobile banking ہے اب تو ایک بڑا different ماحول پیدا ہو گیا ہے اور برانچوں کے بغیر بھی کاروبار چلتا ہے لیکن اگر کہیں ضرورت ہے تو بتا دیں اس پر غور کیا جائے گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ سینیٹر عثمان کاکڑ صاحب۔

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: شکریہ، جناب چیئرمین! وزیر صاحب کی اپنی باتوں میں تضاد ہے۔ وزیر صاحب کہتے ہیں کہ پاکستان کی بات کریں، ہم بھی پاکستان کی بات کر رہے ہیں۔ میں اس پاکستان کی بات کر رہا ہوں جو 65% ہے، بلوچستان، فاٹا اور پختونخوا پاکستان کا 65% ہے۔ میں اس پاکستان کی بات کر رہا ہوں اور وزیر صاحب 20% پاکستان کی بات کر رہے ہیں۔ میری بات میں وزن ہے یا وزیر صاحب کی بات میں۔ دوسری بات وزیر صاحب کہتے ہیں وہاں پر کاروبار نہیں ہے۔ جب کہ یہاں پر ہر حکمران یہ کہتا ہے کہ پاکستان کا خزانہ بلوچستان ہے، پاکستان کا مستقبل بلوچستان ہے تو وہاں پر کاروبار کیوں نہیں ہے۔ اس وجہ سے نہیں ہے کہ آپ پراجیکٹس نہیں دے رہے، آپ بجٹ نہیں دے رہے، آپ گرانٹ نہیں دے رہے، آپ قرضہ نہیں دے رہے تو کاروبار کہاں سے ہو۔ خدا کے لیے 3178 میں سے صرف 90 برانچیں ہیں۔ میں یہ کہتا ہوں کہ 65% پاکستان کی بات کریں، دوسرے

لفظوں میں 80% پاکستان کی بات کریں نہ کہ 20% پاکستان کی بات کریں۔ میں صوبے کا نام نہیں لوں گا۔اس پر توجہ دینی چاہیے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی منسٹر صاحب۔

You want to say something.

جناب شاہد خاقان عباسی: جناب چیئرمین! اٹھارھویں ترمیم میں ہر صوبے کا خزانہ اس کے حوالے کر دیا گیا ہے وہ اس کو exploit کرے اپنے عوام کی بہتری کے لیے۔ یہ بنیادی بات شاید ابھی تک پہنچی نہیں ہے، یہ بنیادی بات ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ یہ فیصد کے حساب سے نہیں ہوتا کہ زمین کی شرح فیصد کیا ہے ۔ میں نے پہلے کہا کہ جہاں پر کاروبار ہوگا banking وہیں پر ہو گی۔ کاروبار urban areas میں ہوتا ہے۔ کراچی میں اگر آپ شرح کے حساب سے دیکھیں تو آپ کو شاید بہت زیادہ برانچیں بنکوں کی ملیں گی۔ یہ بنیادی باتیں ہوتی ہیں کاروبار کی۔ بہت سے ایسے علاقے ہیں جو rural ہیں لیکن وہاں کی بہت ساری آبادی ملک سے باہر ہے اور وہاں پر آپ کو بہت سارے بنکوں کی برانچیں ملیں گی۔اس میں کوئی صوبائی اختلاف نہیں ہے، کوئی قومی اختلاف نہیں ہے یہ کاروبار کا ایک بنیادی اصول ہے کہ جہاں پر کاروبار ہو گا وہاں پر آپ کو بنکوں کی برانچیں ملیں گی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ آخری سوال تاج حیدر صاحب۔

سینیٹر تاج حیدر: جناب عالی! کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ بنکوں کی نجکاری کے بعد ایک طرف تو بنکوں کے منافع جات کھاتے داروں کے استحصال کی وجہ سے آسمان سے باتیں کر رہے ہیں اور دوسری جانب دیہی علاقوں میں ہزاروں بنکوں کی برانچیں بند کی گئی ہیں اور وہاں جو کاروبار کے مواقع تھے ان کو ختم کر کے ان کو مزید معاشی پسماندگی کے اندر دھکیل دیا گیا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی محترم وزیر صاحب۔

جناب شاہد خاقان عباسی: میں نے پہلے کہا کہ 25% برانچیں rural areas میں ہیں اور اب ٹیکنالوجی کے حوالے سے جو لوگ rural areas میں ہیں ان کو بے پناہ بنکوں کی سہولیات میسر ہیں جو پہلے نہیں تھیں لیکن اگر اس پر debate کرنی ہے کہ کیا بنکوں نے undue profit بنا لیے تو آپ ایک resolution move کریں اس پر انشاء اللہ debate ہو جائے گی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی تاج صاحب۔

سینیٹر تاج حیدر: میں یہ عرض کر رہا تھا کہ نجکاری کے بعد سے کیا دیہی علاقوں کی ہزاروں برانچیں بند نہیں کی گئیں اور جو کاروبار کے مواقع تھے وہ ختم نہیں کیے گئے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی منسٹر صاحب۔

جناب شاہد خاقان عباسی: اس وقت میرے پاس صحیح اعداد و شمار تو نہیں ہیں لیکن مجھے یقین ہے کہ اگر ہزاروں برانچیں بند ہوئی ہیں تو ہزاروں ان سے زیادہ کھلی بھی ہوں گی۔ دوسری بات یہ ہے کہ ایک سروے ہوا تھا کہ جو لوگ banking services سے مستفید ہوتے ہیں تو وہ تفصیل سینیٹ میں بھی پیش کی گئی ہے کہ پچھلے بارہ سال میں وہ دوگنا ہو گئے ہیں جو لوگ بنکوں کے نظام میں آئے ہیں ان کی تعداد ڈبل ہو گئی ہے تو یقیناً برانچیں بڑھی ہوں گی تو ہی یہ تعداد ڈبل ہوئی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ سینیٹر سعید غنی صاحب نے request کی ہے کہ ان کے دو سوال ہیں جن کے نمبر 64,65 ہیں ان کی عدم موجودگی کی وجہ سے ان کو defer کیا جائے۔ ان دونوں سوالوں کو defer کیا جاتا ہے۔ اگلا سوال نمبر 66 سینیٹر کریم احمد خواجہ صاحب۔

*Question No. 66. Senator Karim Ahmed Khawaja: Will the Minister for Finance, Revenue, Economic Affairs, Statistics and Privatization be pleased to state:

(a) the number of FBR offices established in the country with province-wise break up; and

(b) the amount of tax collected by those offices for the period from 1st July, 2013 to 1st July, 2015?

Senator Mohammad Ishaq Dar: (a) List of FBR offices established in the country with province wise break up is at Annex-A.

(b) FBR offices provided at Annex-A are not involved in revenue collection. However, tax collection

position in respect of offices involved in revenue collection is at **Annex-B.**

(Annexures have been placed on the Table of the House as well as Library.)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: کوئی ضمنی سوال؟ جی کریم احمد خواجہ صاحب۔

سینیٹر کریم احمد خواجہ: میں منسٹر صاحب سے پوچھوں گا کہ the amount of tax collection by those offices for the period from 1st July,2013 to 1st July, 2015 کیا حکومت مطمئن ہے۔ کیا وہ proper target achieve کر رہی ہے۔ میرا ان سے یہ سوال ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی منسٹر صاحب۔

جناب شاہد خاقان عباسی: حکومت تو کبھی مطمئن نہیں ہو گی۔ Collection زیادہ سے زیادہ ہونی چاہیے لیکن مجموعی طور پر جو target set کیے گئے تھے وہ meet کیے گئے ہیں لیکن یقیناً اس بات کی ضرورت ہے کہ ملک کے اندر جو taxation ہے specially direct taxation جو ہے اس کی شرح میں اضافہ ہو اور زیادہ سے زیادہ funds collect ہوں تاکہ ملکی بہتری کے لیے استعمال ہو سکیں۔ یہی کوشش رہتی ہے کہ حکومت مطمئن ہو لیکن پوری طرح حکومت مطمئن نہیں ہوتی لیکن ان کو بڑھانے کی ضرورت ہمیشہ رہتی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ جی میر کبیر صاحب۔

سینیٹر میر کبیر احمد محمد شہی: جناب! میرا سوال نمبر 66 کے حوالے سے ضمنی سوال ہے کہ ہمارے سامنے table پر دفاتر کی فہرست نہیں ہے، may be وہ library میں رکھی ہو گی، اس کے بارے میں ہمیں پتا نہیں ہے۔ Tax net کو بڑھانے والی بات بہتر ہے۔ کوئٹہ کے حوالے سے میرے پاس information ہے کہ اس کا ایک main office ہے، ہمیں اس کے علاوہ ان کا office نظر نہیں آ رہا۔ ہم tax net کو بڑھا رہے ہیں تو یقیناً گوگ پریشان ہیں اور کوئٹہ کے main office میں انتارش ہے کہ لوگوں کے مسئلے حل نہیں ہوتے۔ میں جناب وزیر صاحب سے یہ پوچھنا چاہوں گا کہ ہم tax net کو بڑھا رہے ہیں اور offices کو نہیں بڑھاتے، ہمیں کیا problem ہے ہم offices کو کیوں نہیں بڑھاتے؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی وزیر صاحب۔

جناب شاہد خاقان عباسی: جناب! کوئٹہ میں تین دفاتر ہیں، ایک Commissioner in Land Revenue appeal کا دفتر ہے، ایک in Land Revenue کا data process unit ہے اور ایک in Land Revenue Regional Tax office ہے۔ اس میں اگر ضرورت محسوس ہوتی ہے کہ ملازمین کی تعداد یا دفاتر کو بڑھایا جائے تو یقیناً بڑھائے جاتے ہیں لیکن ابھی ان سے کام چل رہا ہے، اگر سینیٹر صاحب کوئی تجویز دے دیں تو اس پر غور کر لیں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی تاج حیدر صاحب۔

سینیٹر تاج حیدر: جناب عالی! کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ 80 فیصد taxes at source deduct کر لئے جاتے ہیں اور FBR صرف 20% tax لیتا ہے، اگر یہ 20% tax provinces collect کر لیں اور یکسر FBR کو ختم کر دیا جائے تو ٹیکسوں کی آمدنی میں اضافہ بھی ہو سکتا ہے۔ FBR سفید ہاتھی ہے جس پر اربوں روپے خرچ ہو رہے ہیں تو اس میں بھی saving ہو سکتی ہے۔ کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ صرف 20% tax FBR collect کر رہا ہے اور باقی at source collect ہو رہے ہیں؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی قابل احترم وزیر صاحب۔

جناب شاہد خاقان عباسی: جناب! اس کے لیے fresh question کرنا پڑے گا کیونکہ یہ تفصیل میرے پاس نہیں ہے لیکن صوبوں کے پاس tax collect کرنے کے بہت سے مواقع ہیں۔ وہ ان پر concentrate کریں، وہ وہاں سے کافی revenue generate کر سکتے ہیں۔ اس معاملے میں سندھ اور پنجاب نے کافی steps لئے ہیں اور کافی حد تک taxes generate کر رہے ہیں تو جو at source deduction ہوتی ہے، وہ بھی FBR کے کھاتے میں آتی ہے۔ یقیناً ان باتوں پر غور ہو سکتا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ کا شکریہ۔ آخری ضمنی سوال جناب مشدی صاحب۔

سینیٹر کرنل (ر) سید طاہر حسین مشدی: جناب چیئرمین! آپ کا شکریہ۔ جناب! یہ حکومت جب power میں آئی تھی، اس سے پہلے جو Finance Minister تھے، انہوں نے

floor of the House پر سچ بولا تھا، سرکاری سچ نہیں بولا تھا، اصل سچ بولا تھا اور انہوں نے فرمایا تھا کہ پاکستان میں FBR خود سب سے corrupt organization خود ہے۔ یہ حکومت پاکستان کو 480 and 490 billion rupees ہر سال tax, corruption and SROs کی چھوٹ اور duties میں نقصان پہنچاتی ہے۔ یہ بڑی learned Government آئی اور ہمیں اس سے بڑی امیدیں تھیں، یہ dream team لے کر آئی اور one of the most capable set of ministers لائی۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے کیا actions لئے ہیں، انہوں نے کیا policies بنائی ہیں کہ یہ جو corruption تھی اور یہ جو سفید ہاتھی تھا اور جو سب سے بڑا corrupt ادارہ تھا اور probably ہے، انہوں نے پاکستان میں کیسے یہ corruption روکی ہے اور کتنے فیصد روک لی ہے اور یہ figures نظر کیوں نہیں آ رہے، وہ ہماری اپنی national wealth کیوں نظر نہیں آ رہی؟ جناب چیئرمین! آپ کا شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی قابل احترام وزیر صاحب۔

جناب شاہد خاقان عباسی: جناب! سینیٹر صاحب نے بڑا general سوال کیا ہے، یہ یقیناً غور طلب بھی ہے اور اس پر بحث بھی ہونی چاہیے اور میں suggest کروں گا کہ یہ ایوان اس پر بحث کرے۔ کوشش یہی ہوتی ہے کہ جو FBR کے کام ہیں، ان کو streamline کیا جائے، اس میں بہت اقدامات کئے گئے ہیں جن کی تفصیل یہاں پر بیان کی جا سکتی ہے۔ اس میں حال ہی میں ایک بڑا step لیا گیا کہ CNIC and NTN کو link کر دیا گیا ہے۔ اس سے tax collection میں کافی حد تک مدد ملے گی، یہ بہت بڑا step تھا جو ماضی میں نہیں لیا جا سکا تھا، اس سے collection میں مدد ملے گی۔ سینیٹر مشہدی صاحب نے سوال کیا ہے، اس پر ایک debate لازمی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ اس پر debate پارلیمنٹ کو کرنی چاہیے۔

Mr. Presiding Officer: Thank you. Next Question No.67, Senator Nisar Muhammad Khan sahib. Senator Nisar Muahmmad Khan Sahib is not present. So, the question will be laid on the table of the House.

*Question No. 67. Senator Nisar Muhammad: Will the Minister for Planning, Development and Reform be pleased to state:

(a) the cost of the China Pakistan Economic Corridor (CPEC) project; and

(b) the share of the Government of Pakistan indicating also the foreign funding in the said project?

Mr. Ahsan Iqbal: (a) During the 3rd Joint Cooperation Committee Meeting held on August 27th 2014 between National Development Reform Commission (NDRC) of People's Republic of China and Ministry of Planning, Development and Reform (MPDR) of Islamic Republic of Pakistan, a list of early harvest projects (EHP) of energy, transport infrastructure, Gwadar and others was agreed which is attached as Annex-A along with their cost.

(b) It is estimated that a major portion of the financing (approx. 75%) envisaged under the CPEC will be Foreign Direct Investment in energy sector. These will be implemented through Independent Power Producer mode and hence no governmental borrowing is involved.

For other projects the major financing is expected to be of concessional loans from Chinese financial institutions.

Annexure-A

China Pakistan Economic Corridor Projects

A Energy

Sr. No	Projects (Priority)	MW	Estimated Cost US$
1	Port Qasim Coal fired Power Plant	1,320	1,980
2	Sahiwal 2 x 660 MW Coal-fired Power Plant	1,320	1,600
3	Engro Thar block-II 2 x 330 MW Coal fired Power Plant	660	1,000
4	Surface Mine in Block II of Thar Coal field, 3.8 million tons/year		860
5	Gawadar Coal Power Project	300	360
6	Muzaffargarh Coal Power Project	1,320	1,600
7	Rahimyar Khan Coal Power Project	1,320	1,600
8	SSRL Thar Coal Block-I 6.5 million tons/year		-
9	Mine Mouth Power Plant SSRL Thar Coal Block-I	1,320	1,300
10	900 MW Quaid-e-Azam Solar Park	900	1,300
11	100 MW Quaid-e-Azam Solar Park	100	50
12	Dawood 50 MW wind Farm	50	125
13	UEP 100 MW wind Farm	100	250
14	Sachal 50 MW Wind Farm	50	134
15	Sunnec 50 MW wind Farm	50	125
16	Suki Kinari Hydropower Station	870	1,802
17	Karot Hydropower Station	720	1,420
	Total (Priority)	10,400	15,506
Sr. No	Projects (Actively Promoted)	MW	Estimated Cost
18	Gaddani Power Park Project		
(i)	4 x 660 MW	2,640	7,920
(ii)	Jetty + Infrastructure		1,200
(iii)	Transmission Line to Lahore and Faisalabad from Matiari		3,000
19	HUBCO coal power plant	660	970
20	Chichoki Mallian 525 MW Combined-cycle Power Plant	525	550
21	Salt Range Mine Mouth Power Project including mining	300	800
22	Kohala Hydel Project	1,100	2,397
23	Pakistan Wind Farm II (Jhampir, Thatta)	100	150
24	Thar Mine mouth oracle	1,320	1,300
	Total (Actively Promoted)	6,645	18,287
	Grand Total Energy Projects	17,045	33,793

B Transport Infrastructure Sector Projects

i) Roads

Sr. No	Projects	Length (km)	Estimated Cost (US$ Million)
1	KKH Phase II (Raikot – Islamabad Section)	437	3,500
2	Karachi - Peshawar Motorway (Multan - Sukkur Section)	387	2,594
	Total	824	6,094

ii) Rail Sector Projects

Sr. No	Projects	Length (km)	Estimated Cost (US$ Million)
1	Expansion and reconstruction of existing Line ML-1	1,736 Km	3,650
2	Havelian Dry port	450 mu	40
	Total		3,690

iii)	Gwadar Port Related Projects		
Sr. No	Projects	Description	Estimated Cost (US$ Million)
1	Eastbay Expressway	18.981 Km	140.62
2	Gwadar International Airport	4300 acres. Landing facility for Boing-777 & Airbus A-380 aircrafts	230.00
3	Construction of Breakwaters		123.00
4	Dredging of Berthing areas & channels		27.00

China Pakistan Economic Corridor Projects			
5	Infrastructure for Free Zone & EPZs port related Industries		32.00
6	Necessary Facilities of Fresh Water Treatment and Supply		130.00
7	Hospital at Gwadar		100.00
8	Technical and Vocational Institute at Gwadar		10.00
	Total Gwadar Port Projects		**792.62**
C	**Others**		
Sr. No	**Projects**	**Description**	**Estimated Cost (US$ Million)**
1	Cross Border Optical Fiber Cable		44
2	Hari-e-Ruba Economic Zone		
3	DTMB		2.00

Mr. Presiding Officer: Next Question No.68, Senator Kamil Ali Agha Sahib. Senator Kamil Ali Agha Sahib is not present. So, the question will be laid on the table of the House.

*Question No. 68. Senator Kamil Ali Agha: Will the Minister for Finance, Revenue, Economic Affairs, Statistics and Privatization be pleased to state:

(a) the amount of debt obtained through Euro Bond by the present Government;
(b) the period of the said debt along with the percentage of its mark up; and
(c) the number of years for which the said debt has been obtained along with the amount of mark up to be paid on it indicating also the responsibility of its payment after completion of tenure of the present government?

Senator Mohammad Ishaq Dar:

(a) The amount of the Euro Bond executed by the present Government is as follows:

	Transaction date	**Amount**
(i)	April, 2014	US$ 1000 million
(ii)	April, 2014	US$ 1000 million
(iii)	September, 2015	US$ 500 million

(b) The period of the said debt along with mark up per year is given below:

	Transaction date	**Period**	**Mark-up**
(i)	April, 2014	10 years	8.25%
(ii)	April, 2014	5 years	7.25%
(iii)	September, 2015	10 years	8.25%

(c)

Transaction date	Number of years	Amount US$ million
(I) April, 2014	10 years	82.50 per year
(II) April, 2014	5 years	72.50 per year
(III) September, 2015	10 years	41.25 per year

The repayment will be made by the Government from the national budget on maturity date.

Mr. Presiding Officer: Thank you. Next Question No.68-A, Senator Nisar Muhammad Khan. Senator Nisar Muahmmad Khan Sahib is not present. So, the question will be laid on the table of the House

*Question No. 68-A. Senator Nisar Muhammad: Will the Minister for Planning, Development and Reforms be pleased to state the details of utilization of amount of Rs. 27008.963 million allocated in Public Sector Development Programme (PSDP) 2014-15 for Un-Funded / Under Funded Important Projects with province-wise break up?

Mr. Ahsan Iqbal: An allocation of Rs. 27008.953 million was earmarked in PSDP 2014-15 in order to meet the additional requirement of important ongoing as well new projects during course of the year. The sectoral re-allocation / release of Rs. 26.4 billion made out of Rs. 27 billion during the year is indicated as below:

Rs. In million

	Sector / sub-sector	Allocation / release
A.	**Infrastructure**	**17128.3**
(i)	Power	10333.2
(ii)	Transport & Comm.	5615.8
(iii)	Water Resources	131.4
(iv)	Physical Plg. & Housing	1047.9
B.	**Social**	**9181.9**
(i)	Higher Education	7065.4
(ii)	Health	1586.2
(iii)	Sports	530.3
C.	**Governance**	**58.4**
D.	**Industry & Commerce**	**3.7**
	Total	**26372.3**

Funds out of the said provision were reallocated and released in favour of relevant federal Ministries / Divisions for utilization. The provincial break-up of this allocation was not pre-determined but its utilization depended upon the requirement of the national level projects such as Karachi Coastal Power Project, Higher Education, Construction of 6 Maritime Patrol Vessels PMSA, Expanded Programme on Immunization (EPI) Control of Diarreal Disease, projects of FBR etc.

Mr. Presiding Officer: Next Question No.69 Senator Karim Ahmed Khawaja.

*Question No. 69. Senator Karim Ahmed Khawaja :Will the Minister for Finance, Revenue, Economics Affairs,

Statistics and Privatization be pleased to state whether it is a fact that the services of contractual employees of the National Bank of the Pakistan who have completed five years service have not been regularized so far despite judgement of courts of law, if so, the reasons thereof?

Senator Mohammad Ishaq Dar: National Bank of Pakistan hires contractual officers/executives initially for three years and their contracts are only renewed after completion of three years satisfactory service and with mutual agreement of employee and employer. Such hiring is approved by the bank's board of directors and there is no provision in bank's policy to automatically regularize their services. NBP has not yet received any judgement of courts of law in this matter.

Mr. Presidng Officer: Any supplementary? Yes, Senator Karim Ahmed Khawaja Sahib.

سینیٹر کریم احمد خواجہ: جناب چیئرمین صاحب! آپ کا شکریہ۔ جناب! میں نے اس سوال میں یہ پوچھا ہے کہ National Bank state کا ادارہ ہے اور اس میں contract پر employees ہیں، یہ ان کو regularize کریں تو انہوں نے لکھا ہے کہ ہم تین سال بعد review کرتے ہیں اور پھر ہم accordingly دیکھتے ہیں حالانکہ وہ state کا ادارہ ہے۔ Previously ایسا ہوتا تھا کہ state کے جو بھی ادارے ہوتے تھے، ایک time کے بعد ان کو regularize کر دیا جاتا تھا۔ ہزاروں لوگ جو contract پر ہیں، وہ uncertain ہیں کہ نوکری رہتی ہے یا جاتی ہے، میں اس بارے میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ ان کے حکومت میں آنے کے بعد ان کو regularize کیوں نہیں کیا جا رہا؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی قابل احترام وزیر صاحب۔

جناب شاہد خاقان عباسی: جناب! جو contract employees رکھے جاتے ہیں، وہ need basis پر رکھے جاتے ہیں، ایک وقتی ضرورت ہوتی ہے، اس کے لیے contract employees رکھے جاتے ہیں۔ Initially تین سال کا contract ہوتا ہے اور اس کے بعد ان

کی service satisfactory ہو تو اس contract کو مزید extend کیا جاتا ہے۔ کوئی ایسی پالیسی نہیں ہے جس کے تحت لازمی طور پر ایک contract employee کو regularize کیا جائے گا، اکثر ایسے بھی cases ہیں، جہاں پر contract employee کی جو compensation ہے، وہ regular employee سے زیادہ ہوتی ہے کیونکہ اس کو ایک purpose اور ایک مدت کے لیے رکھا جاتا ہے۔ اس میں جو خرابی پیدا ہوئی ہے کہ ماضی میں بغیر qualification, selection process and merit کے بہت سے contract employees رکھے گئے، ان میں سے کچھ court میں بھی گئے، ان کے بارے میں کوئی judgement نہیں آئی لیکن یہ خرابیاں پیدا ہوتی ہیں۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ جو بھی سرکاری ملازم رکھا جائے، اس کو merit and selection process کے تحت رکھنا چاہیے جس میں provincial quota شامل ہوتا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی مشہدی صاحب۔

سینیٹر کرنل (ر) سید طاہر حسین مشہدی: جناب چیئرمین! آپ کا شکریہ۔ جناب! یہ حکومت اپنے آپ کو بڑی pro عوام کہلاتی ہے کہ ہم pro عوام ہیں، ہم بڑے pro مزدور ہیں اور ہم بڑے businessmen friendly Government ہیں، عوام friendly حکومت ہیں۔ یہ جتنے بھی contract employees ہیں، ان کو ایک مرتبہ by Government and administrative order regularize کیوں نہیں کرتے کیونکہ governance میں جو سب سے اچھا single factor ہوتا ہے، وہ اپنے عوام کو employment provide کرنا ہوتا ہے۔ اس سے پورے خاندان پلتے ہیں اور پورے معاشرے کی improvement ہوتی ہے جو حکومت single most best possible چیز کر سکتی ہے، وہ اپنے عوام کو نوکریاں دے سکتی ہے۔ یہ جتنے contract employees ہیں، ان کو regularize کر دیں تو میرے خیال میں نہ صرف اچھی governance کی طرف چلے جائیں گے بلکہ لوگوں کی دعائیں بھی لیں گے۔ آپ کا شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جناب وزیر صاحب! آپ اس پر کچھ کہیں گے؟

It is a suggestion from the honourable Senator?

جناب شاہد خاقان عباسی: جناب! ہم نے سینیٹر صاحب کی نصیحت بالکل note کر لی ہے لیکن یہ گزارش ہے کہ حکومت پر یہ بھی لازم ہے کہ حکومت میں وہ لوگ ہوں جو selection process سے merit پر آئے ہوں تو اس کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔ جو لوگ بغیر کسی selection process سے آتے ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ وہ شاید ادارے کے لیے وہ کام نہ کر سکیں جن لوگوں کا حق ہے، جنہوں نے محنت کی ہے، ڈگریاں حاصل کی ہیں، numbers حاصل کئے ہیں، تجربہ حاصل کیا ہے، ان کو ملازمت ملنی چاہیے۔ جو employee ہوتا ہے، وہ اپنی family اور ملک کے لیے contribute کرتا ہے لیکن انصاف کا تقاضا یہ ہے کہ حکومتی ملازمت اس کو ملے جو اس کا حق رکھتا ہے۔

Mr. Chairman: Thank you. The question hour is over.

(اس موقع پر جناب چیئرمین صاحب کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

Leave of Absence

جناب چیئرمین:. Leave applications سینیٹر مشاہد حسین سید صاحب نے ملک سے باہر ہونے کی بنا پر مورخہ 4 اور 5 نومبر کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا یہ ایوان ان کی رخصت منظور فرماتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: سینیٹر سعید غنی صاحب نے کراچی میں نجی مصروفیات کی بنا پر مورخہ 4 تا 6 نومبر ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا یہ ایوان ان تاریخوں کے لیے ان کی رخصت منظور فرماتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: سینیٹر فرحت اللہ بابر صاحب ملک سے باہر ہونے کی بنا پر مورخہ 2 اور 3 نومبر کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے تھے، انہوں نے ان تاریخوں کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا یہ ایوان ان کی رخصت منظور فرماتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: سینیٹر روزی خان کاکڑ صاحب نجی مصروفیات کی بنا پر گزشتہ 120ویں اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے تھے، انہوں نے گزشتہ مکمل اجلاس کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا یہ ایوان ان کی رخصت منظور فرماتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: سینیٹر مختیار احمد دھامرہ المعروف حاجز صاحب نے بعض ناگزیر وجوہات کی بنا پر مورخہ 4تا6نومبر ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا یہ ایوان ان تاریخوں کے لیے ان کی رخصت منظور فرماتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: سینیٹر لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) صلاح الدین ترمذی صاحب ملک سے باہر ہونے کی بنا پر مورخہ 2اور3نومبر کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے تھے، انہوں نے ان تاریخوں کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا یہ ایوان ان کی رخصت منظور فرماتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: سینیٹر بریگیڈیئر (ریٹائرڈ) جان کینتھ ولیمز صاحب بعض نجی مصروفیات کی بنا پر مورخہ 2نومبر کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے تھے، انہوں نے اس تاریخ کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا یہ ایوان ان کی رخصت منظور فرماتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: سینیٹر ثمینہ عابد صاحبہ سرکاری دورے پر ملک سے باہر ہونے کی بنا پر مورخہ 2اور3نومبر کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکی تھیں، انہوں نے ان تاریخوں کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا یہ ایوان ان کی رخصت منظور فرماتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: سینیٹر سحر کامران صاحبہ بعض نجی مصروفیات کے باعث مورخہ 4اور5نومبر کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گی، انہوں نے ان تاریخوں کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا یہ ایوان ان کی رخصت منظور فرماتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: سینیٹر محمد اعظم خان سواتی صاحب نے ملک سے باہر ہونے کی بنا پر مورخہ 5 نومبر تا اختتام حالیہ اجلاس ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا یہ ایوان ان کی رخصت منظور فرماتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

Mr. Chairman: Now we take up agenda Item No. 3. Yes, Shahi Syed Sahib.

سینیٹر شاہی سید: جناب چیئرمین! میں point of order پر بات کرنا چاہتا ہوں، مجھ سے برداشت نہیں ہو رہا ہے۔ میری request ہے کہ آپ agenda کو روک دیں۔

جناب چیئرمین: نہیں، میں آپ کو بعد میں floor دوں گا۔

سینیٹر شاہی سید: جناب چیئرمین! جب تک آپ میری بات نہیں سنیں گے، میں یہاں نہیں بیٹھوں گا۔

(اس موقع پر سینیٹر شاہی سید صاحب ایوان سے walk-out کر گئے)

Mr. Chairman: We will take up agenda Item No. 3. Agenda Item No. 3 is an Adjournment Motion which is in the name of Senator Muhammad Daud Khan Achakzai.

(Interruption)

Mr. Chairman: O.k. I will give him floor but I will first proceed with the agenda.

(Interruption)

جناب چیئرمین: راجہ ظفر الحق صاحب اور اعتزاز احسن صاحب! آپ شاہی سید صاحب سے بات کر لیں، وہ بات کی نوعیت تو بتائیں، اگر لاہور کی فیکٹری کا مسئلہ ہے تو we will take that up.

سینیٹر راجہ محمد ظفر الحق (قائد ایوان): جناب چیئرمین! کل Business Advisory Committee میں بھی یہ مسئلہ آیا تھا کہ کسی نے Parliamentarians کو as a whole نازیبا الفاظ کہے ہیں، وہ اس سلسلے میں بات کرنا چاہتے تھے۔

جناب چیئرمین: اعتزاز صاحب! آپ ان کو بلالیں، میں ان کو floor دے دیتا ہوں۔ انہوں نے اگر اس مسئلے پر بات کرنی تھی تو وہ بتا دیتے۔

Agenda Item No.3. Senator Muhammad Khan Achakzai is not present. The motion is dropped. Is he coming or should we move on? We will move on to agenda Item No. 5 in the meantime which is in the name of Senator Mohammad Ishaq Dar, Minister for Finance, Revenue, Economic Affairs, Statistics and Privatization, to move agenda Item No. 5.

Mr. Shahid Khaqan Abbasi: Item No.4 has been left out.

Mr. Chairman: No, I have left that out purposely because it will take time. Who will move agenda Item No. 5? Yes, Minister Sahib.

(اس موقع پر سینیٹر شاہی سید صاحب ایوان میں واپس تشریف لے آئے)

جناب چیئرمین: شاہی سید صاحب! ایک منٹ یہ motion move کرلیں، پھر میں آپ کو floor دیتا ہوں۔ جی منسٹر صاحب۔

Mr. Shahid Khaqan Abbasi: Sir, I, to lay on the table of the House a copy of Gazette Notification No. S.R.O. 1035(I)/2015, dated the 19th October, 2015 of the Government Bai-Muajjal Financing Facility Rules, 2015, as required under sub-section (3) of section 28 of the Public Debt Act, 1944.

Mr. Chairman: The papers stand laid.

شاہی سید صاحب! آپ مجھے واقعہ کی نوعیت بتا دیتے، کوئی بات نہیں، بات کیجیئے۔

Point of Public Importance Raised by Senator Shahi Syed Regarding Abusive Language Used by Media Person

سینیٹر شاہی سید: شکریہ۔ جناب چیئرمین! سب سے پہلے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ خدارا!اس بات کو ذرا غور سے سنیئے۔ میں ایک گھنٹے سے اذیت برداشت کر رہا ہوں۔ کل رات کو میرے پاس ایک recording آئی ہے، 27 اکتوبر کو ایک tv channel سے interview میں دونوں ایوانوں کے Parliamentarians کو غلیظ گالی دی گئی ہے۔ مجھ سے کم از کم یہ چیز برداشت نہیں ہوتی، اس پارلیمنٹ میں ہمارے بزرگ سیاستدان بھی بیٹھے ہوئے ہیں، ہم ان اداروں کی مضبوطی کی بات کرتے ہیں، ہم عدلیہ، میڈیا، انتظامیہ کی مضبوطی کی طرف قدم بڑھا رہے ہیں۔ میں وہ لفظ یہاں نہیں دہرا سکتا، اگر کوئی کہے تو میں وہ لفظ بول سکتا ہوں، میرے پاس recording موجود ہے۔

جناب چیئرمین: لفظ رہنے دیں۔

سینیٹر شاہی سید: میں وہ لفظ تو نہیں دہراؤں گا لیکن صحافی کا نام سلیم بخاری ہے۔ اس نے clearly پوری پارلیمنٹ کو کھل کر گالی دی ہے، اگر وہ معافی بھی مانگے تو اس کا کیا فائدہ، میری عزت تو گئی۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس TV والے پر اور اس شخص پر action لیا جائے، اسے privileges committee میں یا جہاں بھی بلایا جائے۔ ہم سب سیاستدان صحافیوں کی عزت کرتے ہیں، ان کے ساتھ ہماری دوستیاں ہیں۔ کیا ان کے پاس خود کوئی ایسا ضابطہ اخلاق نہیں ہے۔ اگر ہم ان کو گالیاں دیں تو ان کو کیسا لگے گا۔ خدارا! ہمیں کچھ عزت بخشیئے، ہم 18 کروڑ عوام کے نمائندے ہیں۔ اس بندے کی خود کیا حیثیت ہے، اسے کون جانتا ہے۔ میری درخواست ہے کہ اس چیز کا notice لیا جائے۔ جن لوگوں نے وہ recording سننی ہے وہ میرے پاس آ جائیں، میں سناتا ہوں۔ مجھے افسوس ہے کہ یہ 27 اکتوبر کی بات ہے ، کیا پورے پاکستان کا ٹھیکہ شاہی سید نے لیا ہوا ہے، کیا کوئی parliamentarian tv نہیں دیکھتا، اس خاموشی کا کیا مطلب ہے۔ صحافی ہونے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ ہمیں اس طرح سے گالیاں دی جائیں، ہمارے ہاؤس کو condemn کیا جائے۔ مجھے تو یہاں بیٹھتے ہوئے شرم محسوس ہو رہی ہے کہ یہ کیا ہو رہا ہے۔ میری گزارش ہے کہ اس سلسلے میں کوئی نہ کوئی action لیا جائے۔

جناب چیئرمین: جی مشہدی صاحب۔

Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi

سینیٹر کرنل(ر) سید طاہر حسین مشہدی: شکریہ۔جناب چیئرمین!میں شاہی سید صاحب کوfully supportکرتاہوں،انہوں نے ایسا موضوع اٹھایاہے جو صرف پارلیمنٹ کے لیے نہیں بلکہ پارلیمنٹ کے ہر فرد کے لیے دکھ کی بات ہے، ہم عوام کے نمائندے ہیں، عوام جو ہمیں ووٹ دیتے ہیں، ہم ان کے پسندیدہ نمائندے ہیں، وہ اپنی نمائندگی کے لیے ہمیں یہاں بھیجتے ہیں اور جب وہ یہ گالی ہمیں دیتے ہیں تو اس کا مطلب ہے کہ وہ ہمارے عوام کو گالی دیتے ہیں جنہوں نے ہم پر بھروسا کیا ہے۔اگرPEMRAہر جمہوری، قانونی اور آئینی بالادستی کو چھوڑ کر ایکpolitical leaderکے appearہونے پر پابندی لگا سکتی ہے تو parliamentariansکو گالی دینے والےایکthird classشخص پر بھی لگا سکتی ہے۔میںdemandکرتاہوں کہ اس آدمی پر life banلگایا جائے، اس ملک کو Parliamentکی بالا دستی بتائی جائے اور parliamentariansکی عزت کو بچایا جائے۔یہ کوئی کمیٹی کا کام نہیں ہے اور نہ ہی discussionکی چیز ہے، یہ پورے پاکستان کے سامنےon air proveہوا ہے۔اس کے علاوہ اللہ کے فضل وکرم سے پاکستان کے سب سے اچھے اور قابل وکیل ہماری قومی اسمبلی اور سینیٹ آف پاکستان میں ہیں وہ ان پر ہائی کورٹ میں مقدمہ کریں اور اس کو اسیbasisپر سزا دی جائے جیسا کہ contempt of Parliament and contempt of Supreme Court ایک ہی چیز ہیں۔اس قسم کی گالی دینا بغیرany provocationیا کسی فائدہ کے بغیر اس پر کوئی discussionکی بات نہیں ہے۔حکومت دکھائے کہ حکومت ہے اور حکومت یہ دکھائے کہ یہ ایک انصاف پسند حکومت ہے۔حکومت یہ دکھائے کہ وہ اپنی پارلیمنٹ کی حفاظت کر سکتی ہے اگر یہ حکومت اپنی پارلیمنٹ کی حفاظت نہیں کر سکتی، ہماری عزت کی حفاظت نہیں کر سکتی تو اس حکومت کو کوئی حق حاصل نہیں کہ یہ حکومت میں رہے۔شکریہ جناب چیئرمین۔

جناب چیئرمین: جی سینیٹر کریم احمد خواجہ صاحب۔

Senator Karim Ahmed Khawaja

سینیٹر کریم احمد خواجہ: شکریہ جناب چیئرمین!شاہی سید صاحب نے جسinterviewکی بات کی میں نے ٹی وی پر وہ خود سنا تھا جس میں بہت افسوس ناک قسم کیlanguageاستعمال کی گئی۔ میں ایک قدم آگے بتاؤں گا کہ گزشتہ ڈیڑھ دو سال سے ایکconspiracyکے تحت پارلیمنٹ،

سیاسی جماعتوں اور جمہوریت کو malign کرنے کے لیے لوگوں کو لایا جا رہا ہے اور اس طرح کے messages جا رہے ہیں کہ یہ system fail ہو گیا ہے۔ میں نے جو تحقیقات کی ہیں تو majority of anchors ایسے اداروں کے لوگوں کے بچے یا ان کے خاندان کے لوگ ہیں جو جمہوریت کو malign کرنے کے لیے صبح سے لیکر رات تک یہ بات کرتے ہیں۔ ہم کہتے ہیں کہ فلاں sacred cow ہے مگر journalism side پر بھی sacred cows ہیں ان کی رائے کو اس طرح پیش کیا جاتا ہے، گویا کہ ان کی رائے حتمی ہے مگر پاکستان کے لوگ الیکشن میں اسی سیاسی جماعت کو ووٹ دیتے ہیں جس پر تنقید ہوتی ہے، جیسا کہ پیپلز پارٹی پر تنقید ہوتی آئی ہے مگر پھر بھی ہمیں ووٹ ملتے ہیں، دوسری سیاسی پارٹیوں پر تنقید ہوتی ہے پھر بھی انہیں ووٹ ملتے ہیں، جناب آپ sacred cow نہیں ہیں۔ آج کل یہ حالت ہے کہ talk shows کی rating کم ہو رہی ہے کیونکہ politics ، جمہوریت اور سیاسی جماعتوں کے خلاف biased قسم کی باتیں ہوتی ہیں ۔ میں ان کی بات کی تائید کروں گا۔ ہم سیاستدان تو الیکشن ہار جاتے ہیں، پھانسیاں بھی چڑھتے ہیں، ماریں بھی کھاتے ہیں مگر جب مارشل لاء آتا ہے تو دوسرے ادارے ان کے ساتھ ہوتے ہیں، وہ ان سے perks and privileges بھی لیتے ہیں اور پھر جمہوریت کو گالیاں بھی دیتے ہیں۔ یہ scared cows نہ صحافت میں، نہ عدلیہ میں، نہ جنرلز میں، کہیں بھی نہیں ہونی چاہیئں، پاکستان کا ہر شہری برابر ہے۔ اس biased attitude کو ختم ہونا چاہیے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ صاحب۔

Senator Muhammad Usman Khan Kakar

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: مہربانی جناب چیئرمین! میں شاہی سید صاحب کا بہت مشکور ہوں جنہوں نے بہت اہم مسئلہ پارلیمنٹ میں اٹھایا ہے۔ کافی عرصے سے جمہوریت کے خلاف، آئین کی بالا دستی کے خلاف اور پارلیمنٹ کے خلاف میڈیا اور اخبارات میں، بعض اینکرز اور دانشور مسلسل مہم چلا رہے ہیں لہٰذا سلیم بخاری کا یہ کام بھی اسی مہم کا حصہ ہے۔ اب ان کے پاس دلائل ختم ہو چکے ہیں اور گالیاں شروع ہو گئی ہیں، یہ لوگ یہاں تک آ گئے ہیں۔ میری parliamentarians سے یہ گزارش ہے کہ کم از کم وہ بخاری کے کسی بھی show میں نہ جائیں۔ اگر اس چینل نے اس بندے کو نہیں نکالا تو پھر اس چینل میں بھی نہیں جانا چاہیے۔ ہم پہلے اپنے آپ سے شروع کریں، ہمیں

television کا اتنا شوقین نہیں ہونا چاہیے کہ کوئی ہمیں گالی بھی دے اور ہم وہاں حاضر بھی ہوں۔ حکومت اور PEMRA کی طرف سے بھی اس پر action ہونا چاہیے۔ ہمیں کم از کم اپنا جمہوری حق استعمال کرتے ہوئے اس کے کسی بھی show میں شرکت نہیں کرنی چاہیے اگر اس چینل نے اس کے خلاف کوئی action نہ لیا تو پھر اس چینل میں شرکت نہیں کرنی چاہیے۔ میری یہی گزارش ہے۔

جناب چیئرمین: جی معزز منسٹر صاحب۔

Lt. Gen. (R) Abdul Qadir Baloch, Minister for SAFRON

لفٹیننٹ جنرل (ر) عبدالقادر بلوچ: شکریہ جناب چیئرمین! بہت ہی سنجیدہ اور سنگین بات ہے۔ یہاں پر اعتزاز احسن صاحب کے علاوہ اور بھی بہت وکلاء ہیں جن کی موجودگی میں پہلے تو یہ بات معلوم کرنی چاہیے کہ گالی دینا کیا کسی کے حقوق میں آتا ہے اور کسی کو گالی دی جا سکتی ہے، اگر گالی دی جائے تو کیا گالی کے خلاف قانونی کارروائی کی جا سکتی ہے یا نہیں کی جا سکتی ہے۔ میرے خیال میں یہ ایک جرم ہے۔ اس نے نہ صرف کسی individual کو گالی دی بلکہ یہاں پر فاضل ارکان نے بالکل صحیح کہا کہ پارلیمنٹ کے ارکان بیس کروڑ عوام کے نمائندے ہیں اور ایک شخص اپنا حق سمجھ کر آزادی اظہار رائے کا advantage لے کر اگر گالی دینا چاہتا ہے تو کیا یہ جرم بنتا ہے یا نہیں بنتا ہے؟ اگر جرم بنتا ہے تو قانونی کارروائی کی جانی چاہیے۔ جناب چیئرمین! اس بارے میں میری ایک تجویز بھی ہو گی کہ یہ ایوان بالا ہے اور کل انشاء اللہ قومی اسمبلی کا بھی اجلاس ہونے والا ہے، یہاں پر ایک resolution لائی جائے اور اس قسم کے لوگوں کو ہمیشہ کے لیے ban کیا جائے، اس کو ختم کیا جائے۔ It should be called upon all the channels کہ اس قسم کے لوگ جنہیں یہ نہیں معلوم کہ اخلاقیات کیا ہیں، کیا بولنا چاہیے اور کیا نہیں بولنا چاہیے ان کو کوئی حق نہیں پہنچتا ہے کہ وہ on air آئیں اور پوری دنیا کے سامنے گالی گلوچ کریں، اپنی کم عقلی اور بدنسلی کا مظاہرہ کریں۔ میرے خیال میں ایک resolution آنی چاہیے that would be a good step and that will curb such like activities in future.

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جی سینیٹر اقبال ظفر جھگڑا صاحب۔

Senator Iqbal Zafar Jhagra

سینیٹر اقبال ظفر جھگڑا: شکریہ جناب چیئرمین! کافی سنگین مسئلہ ہے اور میں اپنے دیگر اراکین کی رائے سے اتفاق کرتا ہوں۔ جیسا سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ صاحب نے تجویز کیا ہے کہ شروع میں ہم خود قدم اٹھائیں اور ایسے چینل پر نہ جائیں اور جس آدمی نے یہ کیا ہے اس کے پروگرام میں جانا بھی discontinue کریں تو naturally this will give a message اور جیسا کہ منسٹر صاحب نے بھی تجویز کیا ہے کہ اگر اس پر ایک resolution بھی آ جائے۔ میرے خیال میں یہ معاملہ ایسا ہے کہ اسے بہت seriously لینا چاہیے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: میں آپ سے اتفاق کرتا ہوں لیکن میں نے جو clip دیکھا ہے اس میں جس کا show ہے he himself is equally stunned جب وہ گالی دی جاتی ہے تو he himself is equally stunned تو میرا خیال ہے کہ اس میں compere کا یا جس کا show ہے اس کی شاید اتنی غلطی نہیں ہے جتنی اس کی ہے جس شخص نے گالی دی ہے۔ کیونکہ compere نے بار بار یہ کہا ہے کہ یہ آپ نے کیا کہہ دیا ہے اور آگے چل کر شاید اس نے اس سے apologize بھی کروایا ہے لیکن بہر حال it's a serious issue.

Yes honourable Leader of the Opposition.

Senator Aitzaz Ahsan, Leader of the Opposition

سینیٹر چوہدری اعتزاز احسن (قائد حزب اختلاف): جناب چیئرمین! شاہی سید صاحب نے جو مسئلہ اٹھایا ہے یہ یقیناً بہت سنگین ہے اور اسے سنجیدگی سے لینا چاہیے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر ہماری طرف سے کوئی ردعمل ہوا کہ House کی طرف سے کوئی قرارداد آئے تو میں اس کے حق میں نہیں ہوں، میں سمجھتا ہوں کہ زیادہ سے زیادہ سیکریٹری صاحب کی طرف سے information کا ایک letter PEMRA کی طرف چلے جانا چاہیے اور PEMRA کو اپنے اختیارات بروئے کار لانے چاہییں، بجائے اس کے کہ ہم ایک صحافی کو اہمیت دیں۔ پارلیمنٹ اگر ایک فریق بن جائے گی تو اس شخص کی publicity اور زیادہ ہو گی۔ ٹھیک ہے اس نے جو کہا ہے، میں نے وہ لفظ بھی سنا ہے، شاہی سید صاحب نے لابی میں مجھے وہ clip سنایا ہے اور اس میں بڑی ہرزہ سرائی ہے، بڑی زیادتی ہے، ان صاحب کے الفاظ بہت ہی uncalled for ہیں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اسے پھر بھی according to

the laws of the land, resolve کرنا چاہیے۔PEMRA ایک ادارہ ہے جس کا اختیار ہی یہ ہے، وہ اپنے قوانین کے تحت جو کچھ کر سکتا ہے، warning دے یا show cause notice دے۔ ہمیں اسی پر اکتفا کرنا چاہیے۔ اس میں پارلیمنٹ کو itself یا آپ کو فریق نہیں بننا چاہیے۔ یہ اسی طرح ہو گا جس طرح ہم کسی چیز کو ذاتی عناد بنالیں گے۔ جس طرح حضرت علی جنگ کے دوران ایک کافر کو مارنے لگے تھے تو اس نے آپ کے منہ پر تھوک دیا۔ اس پر وہ ہٹ گئے کہ یہ اب ذاتی ہو گیا ہے۔ ہمیں اس معاملے کو personal egos کا مسئلہ نہیں بنانا چاہیے اور اسے قانون کے مطابق at a low key رکھ کر deal کرنا چاہیے۔

Lord Justice Danckwerts نے ایک فیصلہ دیا، contempt کے موضوع پر ایک معروف کیس ہے جس کے بارے میں Quintin Hogg جو ایک سینیئر وکیل تھے جو بعد میں Lord Hailsham کے طور پر لارڈ چانسلر بھی بنے، انہوں نے Punch Magazine میں ایک مضمون لکھ دیا اور اس فیصلے کا بڑا تمسخر اڑایا۔ یہاں تک کہہ دیا کہ such anomalies will continue to arise in English law as long as there are Welsh judges applying it. اس پر ان کے خلاف ہتکِ عزت اور توہین عدالت کا کیس چلا، اس پر Lord Denning کی 1969 کی judgement ہے۔ On this, Lord Denning stated that we don't use the law of contempt to uphold our dignity. Our dignity must rest on surer foundations, namely our performance and our judgements themselves. لہٰذا، ہمیں اپنی کارکردگی بہتر کرنی چاہیے۔ اس معاملے کا نوٹس ضرور لینا چاہیے۔

شاہی سید صاحب بالکل بجا طور پر اس معاملے پر کافی پریشان، پشیمان اور غصے میں ہیں۔ چونکہ وہ پٹھان ہیں تو ہم سے زیادہ غصہ انہیں آتا ہے، وہ بڑے درست اور بہتر طور پر برے کے خلاف آواز اٹھاتے ہیں، یہ ہرزہ سرائی ہے لیکن اسے low key میں رکھتے ہوئے، سیکرٹری صاحب PEMRA کو inform کر دیں، یہ clip بھی for necessary and appropriate action انہیں بھیج دیں۔ اس سے زیادہ ہمیں نہیں کرنا چاہیے although میں جانتا ہوں کہ اس

وقت ہمارے جذبات بہت مجروح ہیں، اس وقت passions زیادہ ہیں لیکن پھر بھی جس قدر ہو سکے ہمیں اس معاملے کو low key میں رکھنا چاہیے اور خود سے distance کر کے لینا چاہیے۔

اگر ہم نے اس معاملے کو Parliament versus one journalist کر دیا تو اس کا فائدہ ان صاحب کو ہی ہو گا جنہوں نے ایسی زبان استعمال کی ہے۔ سارا فائدہ، تمام publicity ان کی ہو گی، اس سے وہ اپنا قد بڑھاتے پھریں گے کہ پارلیمنٹ نے میرے خلاف ایکشن لیا۔ So, we should think of the surer foundations on which our dignity must rest. بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ مشاہد صاحب۔

Senator Mushahid Ullah Khan

سینیٹر مشاہد اللہ خان: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شاہی سید صاحب نے جس پروگرام کی بات کی ہے، میں نے خود سنا ہے، اس لیے میں اس پر تھوڑی سی بات کرنا چاہتا ہوں۔ وسیم بادامی صاحب کا ARY پر پروگرام تھا، اس کے شرکاء ایکسپریس والے جاوید چوہدری صاحب تھے، ARY ہی کے کاشف عباسی تھے اور سلیم بخاری صاحب تھے۔ بہر حال، وہ بات تو آ گئی ہے، ظاہر ہے اب اسے repeat کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ انہوں نے باقاعدہ بڑی گندی سی گالی پوری پارلیمنٹ کو دی۔ میں اس لیے بھی یہ بات کرنا چاہتا ہوں کہ وسیم بادامی نے اسے contest کیا کہ بھئی، یہ آپ نے ٹھیک نہیں کیا۔ اس پر پھر انہوں نے کہا کہ میں اسے واپس لیتا ہوں اور اس طرح سے کہہ دیتا ہوں، اب ٹھیک ہے؟ پھر ہلکی سی بات ہوئی معذرت کی یا معافی کی تو باقی جو دو بیٹھے ہوئے تھے، مجھے اب یاد نہیں ہے، ان میں سے کسی ایک نے کہا کہ بس ٹھیک ہے، ہو گیا، کافی ہو گیا۔ یہ واقعہ ہوا ہے۔

میں اپوزیشن لیڈر کی بات سے اتفاق کرتا ہوں کہ اسے distance پر رکھتے ہوئے، اس پر ایکشن ضرور ہونا چاہیے۔ یہ پوری پارلیمنٹ کے تقدس اور وقار کا سوال ہے۔ اگر اس طرح سے کوئی گالی گلوچ کرنا شروع ہو جائے اور آپ اسے نہیں روکیں گے تو وہ شتر بے مہار ہو جائے گا۔ اس کے بعد پھر یہ سلسلہ بڑھتا جائے گا۔ کسی کو یہ حق حاصل نہیں ہے کہ اس طرح گالی گلوچ کرے۔ آپ کے پاس تو دلیل ہونی چاہیے۔ اس پروگرام یا ٹاک شو میں politicians نہیں بیٹھے تھے، اس میں بڑے senior لوگ بیٹھے ہوئے تھے اور اس میں یہ بات ہوئی۔ میں یہاں یہ بات بھی ضرور کرنا چاہوں گا کہ جو باقی لوگ بیٹھے ہوئے تھے، انہیں اس کے reaction میں جتنا کرنا چاہیے تھا، انہوں نے نہیں کیا۔ اگر وہ

وہیں پر ان سے publicly معافی منگواتے تو شاید آج ہم یہاں اسے discuss نہ کر رہے ہوتے۔ میں نے feel کیا کہ وہاں معافی سے گریز کرنے کی بھی کوشش کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ بس ابھی میں اسے اس طرح کہہ دیتا ہوں۔ اس میں بھی ان کا انداز بڑا طنز والا تھا کہ اب ٹھیک ہے۔

اب جہاں تک Privileges Committee کی بات ہے تو ظاہر ہے کہ چونکہ وہ official نہیں ہیں، اس لیے نہیں آ سکتے یا مجھے نہیں معلوم لیکن یہ ہے کہ کوئی نہ کوئی ایکشن PEMRA ہی کر سکتی ہے۔ اب PEMRA اس میں کتنا exert کرتی ہے، کتنا نہیں لیکن اس بات کو assure ہونا چاہیے کہ آئندہ کوئی بھی غلط لفظ ادا نہ کرے، کسی کے بھی بارے میں، پارلیمنٹ تو ایک pillar of the state ہے۔ اس میں بیٹھا ہوا ایک شخص اگر کسی کو پسند نہیں ہے، وہ ایک علیحدہ بات ہے لیکن بحیثیت مجموعی، ایک pillar of the state کو آپ گالی دے رہے ہیں، اس کے بعد پھر آپ کا عزت و احترام برقرار ہو اور آپ بیٹھ کر پورا پروگرام کریں، اس چیز کو کسی بھی قیمت پر برداشت نہیں کیا جا سکتا۔

جناب چیئرمین: محترم لیڈر آف دی ہاؤس۔

Senator Raja Muhammad Zafar-ul-Haq, Leader of the House

سینیٹر راجہ محمد ظفر الحق (قائد ایوان): بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! یہ معاملہ واقعی نوٹس لینے کے قابل ہے۔ اس کو ایسے ہی نہیں چھوڑا جا سکتا کیونکہ پھر ہر شخص کو ایک کھلی چھٹی مل جائے گی کہ جس طرح مناسب سمجھے بات کرتا رہے۔ میں لیڈر آف دی اپوزیشن سے اتفاق کرتا ہوں، ان کے سامنے قانونی اور اخلاقی تمام پہلو موجود تھے، انہوں نے تجویز کیا ہے کہ سیکرٹری سینیٹ PEMRA کو لکھ دیں اور انہیں کہیں کہ اس معاملے کی چھان بین کر کے، ایکشن سے ایوان کو بھی مطلع کریں۔

جناب چیئرمین: کاکڑ صاحب۔

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: جناب چیئرمین! میں اعتزاز صاحب کی تجویز سے اتفاق کرتا ہوں اور نہ ہی راجہ صاحب کی تجویز سے۔ یہ ایک رعایت ہے جس کی دونوں حوصلہ افزائی کر رہے ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ اس حوالے سے ایوان کی رائے لے لیں، کم از کم یہ بات تو ریکارڈ پر آ جائے گی کہ کون اس کے خلاف ہے اور کون اس کی حمایت میں ہے۔

جناب چیئرمین: دیکھیں، خلاف اعتزاز صاحب بھی ہیں، خلاف لیڈر آف دی ہاؤس بھی ہیں بلکہ ہم سب اس بات کے خلاف ہیں۔ یہ معاملہ بہت سنگین ہے، مسئلہ صرف اتنا ہے کہ کیا ایک شخص کے سامنے پوری پارلیمان آکر کھڑی ہو جائے اور اسے اتنی اہمیت دی جائے کہ وہ کہے کہ میرے خلاف پاکستان کی پوری پارلیمنٹ کھڑی ہے یا یہ کہ اس آدمی کے اس ایکشن کو اس طریقے کے تحت take up کیا جائے جو ملک کے اندر اس وقت قوانین اور طریقہ کار موجود ہے۔ اس کے تحت کام بھی ہو جائے اور اس کے ساتھ ساتھ اس کی اہمیت میں اضافہ بھی نہ ہو اور ایسے بھی نہ لگے کہ پوری پارلیمان اس کے خلاف آکر کھڑی ہو گئی ہے۔ لہذا، میں سمجھتا ہوں کہ جو تجویز یہاں سے آئی ہے اس پر آپ اگر ٹھنڈے دل سے ذرا غور کریں تو وہ بالکل صحیح ہے اور اگر آپ agree کریں گے تو میں اس پر رولنگ بھی دے دیتا ہوں لیکن طریقہ کار اگر یہ اپنایا جائے تو اس میں پارلیمان کی عزت بھی ہے، اس میں پارلیمان کا وقار بھی برقرار رہتا ہے اور اس سے ہم جو ایک message convey کرنا چاہتے ہیں اور جو action لینا چاہتے ہیں وہ action بھی ہم لے رہے ہوں گے۔ جی، سردار صاحب۔

Sardar Muhammad Azam Khan Musakhel

سینیٹر سردار محمد اعظم خان موسیٰ خیل: جناب چیئرمین! مسئلہ تو ہم لوگوں نے بنالیا ہے۔ ایوان میں ہم نے اس کو پیش کیا ہے۔ اگر ہم پیچھے ہٹیں گے تو اس کے معنی یہ نکلیں گے کہ سارا پارلیمان ایک بندے کے آگے جھک گیا۔ میری تجویز یہ ہے کہ اس کے خلاف کارروائی کی جائے اگر کوئی کارروائی نہیں کرتے تو پھر رائے شماری کی جائے۔ اس کو ایسے ہی چھوڑ دینا مناسب نہیں کہ کوئی بات نہیں ہے۔ پارلیمان کے لیے آئندہ بھی یہ سوالیہ نشان ہو گا۔ سب سے بڑی چیز دنیا میں عزت ہوتی ہے۔ چاہے غریب ہو یا امیر ہو جب اس کی عزت پر کوئی آنچ آتی ہو اور وہ اس کی پرواہ نہ کرے تو میں اس پر بہت افسوس کروں گا۔

جناب چیئرمین: سردار صاحب! میں آپ کی بات سے بالکل اتفاق کرتا ہوں اور میں بھی آپ کی ہی بات کر رہا ہوں۔ باقی لوگ بھی آپ ہی کی بات کر رہے ہیں۔ صرف طریقہ کار میں تھوڑا سا فرق ہے کہ اس کا طریقہ کار کیا ہونا چاہیے۔ خدانخواستہ پارلیمان نہ کسی آمر کے خلاف جھکی ہے، یہ تو ایک شخص ہے۔ سینیٹ تو فوجی آمر کے سامنے بھی کھڑا رہا ہے اور اسی ہاؤس میں ان کو condemn کرتا رہا ہے اور وہ ساتھ والے ایوان صدر میں بیٹھے رہے ہیں۔ مسئلہ صرف طریقہ کار کا ہے۔ میں آپ کے

جذبات کی بالکل سو فیصد ترجمانی کرتا ہوں، سمجھتا ہوں اور میرے دل میں بھی وہی جذبات ہیں۔ آپ کی اجازت سے طریقہ کار تھوڑا سا تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔ جی، منسٹر صاحب۔

لفٹیننٹ جنرل (ر) عبدالقادر بلوچ: جناب چیئرمین! مجھے سمجھ نہیں آئی کہ گالی کو اہمیت دے کر ہم اپنی کم مائیگی کا اظہار کریں۔ اگر گالی کو ہم اہمیت دیں اور اس کو condemn کریں تو ہماری condemnation کو غلط طریقے سے interpret کیا جائے گا کہ ہم نے کوئی عامیانہ حرکت کی ہے۔ یہ بات میری سمجھ میں نہیں آئی۔ ہم یہ بھی suggest کر رہے ہیں کہ سیکرٹری یہاں سے لیٹر لکھے گا۔ سیکرٹری اپنی طرف سے تو لیٹر نہیں لکھتا۔ اس چیز پر یہاں بحث بھی ہو رہی ہے۔ میڈیا والے بیٹھے ہوئے ہیں انہوں نے سنا بھی ہے۔ یہ بات کہنا کہ ہم اس کو اہمیت نہیں دیتے۔ ایک آدمی جس کے منہ سے غلیظ بات نکلتی ہے اور وہ بکواس کرتا ہے اور تمام لوگوں کو گالی دیتا ہے اور ہم کہیں کہ ہم اس کی گالی کو اہمیت نہیں دیتے۔ یہ چیز مجھے سمجھ نہیں آتی۔ اگر ہم اس پر بات کریں گے تو ہماری کم مائیگی ہو جائے گی یا ہماری کمزوری ہو جائے گی۔ ہم شاید اخلاقیات کے حوالے سے اتنے اچھے نہیں ہوں گے۔ ہم تو اس کو گالی نہیں دے رہے ہیں۔ ہم یہ نہیں کہہ رہے ہیں کہ جو اس نے کہا ہے ہم بھی وہی بات کر دیں۔ ہم یہ نہیں کہہ رہے ہیں۔ ہم یہ کہہ رہے ہیں کہ آئندہ کسی آدمی کو ایسی جرات نہ ہو۔ دوسری بات یہ ہے کہ کوئی چینل جب بھی کسی کو بات کرنے کے لیے بلائے تو اس پر یہ بات واضح کی جائے کہ وہ کسی کو گالی نہیں دے گا۔ اگر گالی دینے والے لوگوں کو encourage کریں اور وہاں پر بیٹھا یا جائے اور ان کے خلاف کوئی قدم ہم نہ اٹھائیں تو پھر چینلز آزاد ہوں گے اور بہت کچھ آ جائے گا۔ اس میں یہ بات نہیں ہے کہ اگر ہم اس پر کوئی قرارداد لائیں گے یا کوئی بات چیت کریں گے تو اس سے ہماری کم مائیگی ہو گی۔ ہم اس کو زیادہ اہمیت دیں گے۔ کس بات کو اہمیت دیں گے۔ اس میں کوئی اصول کی بات ہے کہ ہم اس کو اہمیت دے رہے ہیں۔ اس نے گالی دی ہے۔ اس کی گالی پر بات کرنا اگر ہماری کم مائیگی اور کمزوری ہے تو میری سمجھ میں یہ بات نہیں آ رہی ہے۔

جناب چیئرمین: نہیں، جنرل صاحب! آپ کی بات بالکل درست ہے۔

If it has been decided that the Secretary will write a letter, he will obviously be reflecting the discussion and the will of the House. There is no two-ways about that. He will not be writing in his own personal capacity. The

only question is that, is it appropriate that an entire institution is sacred, is the Parliament of Pakistan, should that be pitted against an individual that is the only question?

لفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) عبدالقادر بلوچ: نہیں، جناب! pitting تو نہیں ہے ناں۔

جناب چیئرمین: نہیں، pitting ہوا ناں۔ That is a matter of opinion. I think, it would be pitting. Yes, Kabeer *sahib*.

سینیٹر میر کبیر احمد محمد شہی: شکریہ، جناب چیئرمین! شاہی سید صاحب نے بہت اہم issue اٹھایا ہے۔ میری گزارش یہ ہے کہ جب یہ پروگرام چلا تو یہ on air چلا اور پوری دنیا نے اس کو دیکھا۔ دوسری بات یہ ہے کہ آج ہم اس پر پارلیمنٹ میں باقاعدہ بحث کر رہے ہیں۔ میری ایک اور گزارش بھی ہے کہ ہم نے نوٹس تو نہیں لیے ہیں لیکن اس قسم کی باتیں پہلے بھی بہت ہو چکی ہیں۔ یہ بات چونکہ سنگین قسم کی ہے اس لیے ہم نے اس کا نوٹس لیا ہے۔ Parliamentarians کے بارے میں اس قسم کی باتیں بہت سے چینلز پر ہوتی رہتی ہیں لیکن وہ چونکہ اتنی سخت نہیں تھیں اور کسی Parliamentarian نے اس کا نوٹس نہیں لیا ہے۔ آج نوٹس لیا گیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر ہم اس کو سنجیدہ نہیں لیں گے تو مشاہد صاحب کی بات کی طرح یہ شتر بے مہار ہوں گے اور پتا نہیں کہ ہمیں مختلف چینلز پر کیا کچھ کہا جائے گا۔ میری گزارش یہ ہے اور اس پر بھی میں اپنے ساتھی ممبران سے اتفاق کرتا ہوں کہ ہم ایک فریق نہ بنیں۔ ایک بہت چھوٹے آدمی کے مقابلے میں ہم اس پارلیمان کو ایک فریق نہ بنائیں۔ میری گزارش ہے کہ جو تجویز آپ فرما رہے ہیں کہ لیٹر لکھا جائے باقاعدہ قانون کے تحت کہ اس کو سزا دی جائے۔ دوسری بات یہ ہے کہ جس چینل سے یہ پروگرام نشر ہوا ہے اس چینل کو یہ message ضرور دینا چاہیے کہ وہ اگر اس کے خلاف action لیں گے اور یہ commit کریں گے کہ وہ اس قسم کے لوگوں کو بشمول بخاری اپنے پاس دوبارہ نہیں لائیں گے تو ضرور Parliamentarians اس چینل پر جائیں گے اور اس پر پروگرام بھی کریں گے۔ اگر وہ یہ نہیں کریں گے تو ہم Parliamentarians یہ طے کر لیں کہ اس چینل پر ہم کبھی نہیں جائیں گے اور جس پروگرام میں یہ بخاری ہو گا اس پروگرام کو attend نہیں کریں گے۔ اس سے کم از کم ایک positive message جائے گا اور یہ positive message ایک ARY کے لیے نہیں

ہو گا بلکہ تمام چینلز کے لیے ہو گا کہ اگر ہمارے چینلز سے اسی قسم کا کوئی پروگرام چلے گا تو اس ملک کے Parliamentarians ہمیں سلام نہیں کریں گے۔ تو میں گزارش کرتا ہوں کہ اس کے دونوں پہلوؤں کو دیکھا جائے۔ شکریہ، جناب چیئرمین۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جی، مشہدی صاحب۔ اس کے بعد قیوم صاحب اور شاہی سید صاحب کی باری ہے۔

Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi: Thank you. Sir, we are here only because of the honour, dignity and prestige of the Senate of Pakistan, the National Assembly of Pakistan and our elected representatives. One individual, there is no importance whatsoever of that individual. One individual has abused on national T.V in front of the whole nation, the Parliamentarians. Sir, there is question of giving him importance or no importance, does not arise.

Mr. Chairman: Do you have anything new?

Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi: Yes. Sir, I am very disturbed on this matter. Whether we are discussing, when a person is held in contempt of Supreme Court, the Supreme Court is not pitted against the individual. It is the one person who has broken the law. This individual has broken the law, the law is existing in Pakistan, examples exist in Pakistan.

Mr. Chairman: Mashhadi *sahib*, O.K. Thank you.

Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi: PEMRA is there, the Government, why should the Secretary, why should we go back. We have not discussed this in the Chamber. We have discussed it on the floor of the House. The Government has heard us. The Government has agreed with us, the Government hold the powers to take action.

The Ministry of Information should direct or send a letter to ban this individual from all TV Channels for life.

Mr. Chairman: Thank you Mashhadi Sahib. Shahi Syed Sahib.

سینیٹر شاہی سید: جناب چیئرمین! جیسا کہا گیا کہ میں جذباتی ہوں، بے شک میں جذباتی ہوں لیکن اس کے ساتھ میں ایک ایسے خاندان سے تعلق رکھتا ہوں جس میں مجھے ماں باپ نے بڑوں کا احترام کرنا سکھایا ہے۔ مجھے آپ کی عزت، اعتزاز صاحب کی عزت، راجہ صاحب کی اور ایوان کی عزت اتنی ہی عزیز ہے جتنی ماں باپ کی عزیز ہے۔ جو آپ لوگ کہیں گے، میں وہی کروں گا۔ ایوان میں اس پر گنتی کرنا کہ کون کس کی favour میں ہے، تمام سینیٹرز چاہے وہ میری پارٹی کے ہوں یا نہ ہوں، جن سے میری بنتی ہو یا نہ بنتی ہو، میرے لیے سب کا احترام اتنا ہی ہے جتنا میرے اپنے لیڈر کا ہے۔ میں کبھی بھی نہیں چاہوں گا کہ آپ اس پر voting کرائیں۔ اس کے خلاف کون vote دے گا کیونکہ یہ تو گالی ہے اور کوئی بھی اس کی favour میں نہیں ہوگا۔ یہ اچھی بات ہے کہ سب اس کی مخالفت کر رہے ہیں۔ میں بھی مانتا ہوں کہ اس ٹی وی یا anchor کا قصور نہیں ہے، individual کا قصور ہے لیکن اُس individual کے سامنے پارلیمنٹ نے کھڑا نہیں ہونا ہے، پارلیمنٹ نے decision دینا ہے کہ کسی ادارے میں بھی چاہے وہ print media ہو، چاہے وہ electronic media ہو، اس شخص کو اس وقت تک کوئی job نہیں ملے گی جب تک یہ اس channel پر آکر کھلم کھلا اپنی غلطی کا اعتراف نہ کرے۔ جناب والا! میں سمجھتا ہوں کہ ایسا decision لینا چاہیے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ، جنرل قیوم صاحب and last Farhatullah Babar *sahib*.

سینیٹر لفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) عبدالقیوم: جناب چیئرمین! اس میں تو کوئی شک نہیں ہے کہ پاکستان میں اظہار رائے کی آزادی ہمارا pride ہے، جمہوریت بھی ہے، پارلیمان کا ایک role بھی ہے، عدلیہ کا بھی ہے اور اللہ کے کرم سے ملک میں ایک democratic dispensation ہے۔ موجودہ حالات میں media کا بہت مثبت role بھی ہے جسے ہم بالکل نظر انداز نہیں کر سکتے لیکن آزادی اظہار کا مطلب یہ نہیں ہے کہ کوئی آدمی بدکلامی کرے اور پھر وہ بدکلامی ایک individual سے نہ ہو بلکہ ایک ادارے سے ہو، یہ زیادہ دکھ والی بات ہے۔ ایک رواج بن چکا

ہے کہ جب ہم فوج کی بات کرتے ہیں تو کسی ایک individual عبدالقیوم کو نہیں کہتے، ہم جرنیلوں کو کہتے ہیں۔ جب ہم کسی ایک سیاستدان کی بات کرتے ہیں تو ہم کسی زید یا بکر کا نام نہیں لیتے، ہم کہتے ہیں کہ سارے parliamentarians corrupt ہیں اور سب sweeping statements دیتے ہیں۔ اگر ہمیں عدلیہ کی کوئی بات پسند نہیں آتی تو ہم تمام عدالتوں کو بدنام کرتے ہیں، یہ trend ختم ہونا چاہیے۔ اس صحافی نے جو کچھ کہا ہم نے اس پر notice لے لیا ہے، یہ ایک بڑی بات ہے، good جیسے Leader of the Opposition نے کہا، میرے خیال میں law of the land کے مطابق جو connected ادارے ہیں انہیں بتا دیا جائے کہ یہ روش ختم کی جائے، media کو guidance دی جائے اور یہ بتایا جائے کہ خدا کے لیے sweeping statements ایسے نہ دیں۔ مہذب زبان استعمال کرنا بہت ضروری ہے، آزادی کا مطلب یہ نہیں کہ آپ کے منہ میں جو کچھ آئے آپ وہ کہہ دیں۔ ہم اس کی مذمت تو ضرور کر سکتے ہیں لیکن آگے کیا کرنا چاہیے، میرے خیال میں یہ وہ ادارے کریں جو media کو handle کرتے ہیں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: فرحت اللہ بابر صاحب۔

Senator Farhatullah Babar

Senator Farhatullah Babar: Thank you Mr. Chairman. So much has been said on this sad and most unfortunate thing that has happened that there is really not much for me left to say. Mr. Chairman, the question as you rightly put is what should be done and how best it should be done? Should the House be seen to be picked it against an individual for using very cheap and low language or whether we should approach this issue in a manner which is lawful and which is mature?

Mr. Chairman, I think if the sense of the House is conveyed to the concerned Ministry and departments of the Government, I am sure that, that Department will take appropriate action. I am reminded a similar incident in World War II when Hitler used highly abusive language

not only against his political opponent Churchill but also the entire British nation. Just is this particular person has used an abusive language not against any individual parliamentarian but against the entire Parliament. There was in World War II Hitler using similar kind of language against Churchill and against the British nation. Churchill's response and the Britishers' response was, they said that "Hitler is climbing up the pole, let him climb, the higher he climbs, the more he exposes his bottom".

Mr. Chairman, if somebody is abusing the entire Parliament, the representatives of the people of Pakistan, they are exposing their ugly side. They are exposing their very ugly side and if they want to expose it, let them expose till eternity. Thank you.

Mr. Chairman: Mohsin Aziz *sahib*, please very short because then I want to wind it up and move on.

Senator Mohsin Aziz

سینیٹر محسن عزیز: جناب چیئرمین! مجھے ابھی معلوم ہوا ہے۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ آزادی صحافت ہو، گفتار ہو، لباس ہو یا تحریر ہو، آزادی کا مطلب ایک حد تک آزادی ہے، یہ نہیں ہے کہ خدانخواستہ ہم برہنہ ہو جائیں اور اسے آزادی لباس کہیں۔ میں نے ابھی جو گفتگو سنی اور دیکھی ہے، یہ تو آزادی نہیں ہے بلکہ کھلم کھلا ایک گالی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کی طرف سے اس پر جو action لینا ہے، it should be a stern action because it is not abuse to one, it is abuse to all. ہمارے ہاں کچھ خراب لوگ ضرور موجود ہوں گے، صحافت میں بھی اسی طرح خراب لوگ موجود ہوں گے لیکن اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ ہم اپنے آباؤاجداد کو یہاں گالی سنوائیں۔ یہ لفظ تو بہت خراب لفظ ہے، یہ لفظ تو خراب سے خراب آدمی کے لیے بھی استعمال ہونا قانونی اور اخلاقی طور پر صحیح نہیں ہے، یہ اس کے اخلاق کی پسماندگی ہے کہ یہ الفاظ استعمال

کیے گئے۔ میں اس کی پرزور مذمت کرتا ہوں اور چاہتا ہوں کہ اس کے خلاف سخت سے سخت action لیا جائے۔

Government should take stern action so that this person should be exposed to the till. Thank you.

Ruling by the Honourable Chairman on the Issue

Mr. Chairman: Thank you. I have heard all the honourable members and I would give the following ruling:-

Senator Shahi Syed on a Point of Order raised the question of a TV programme which was aired live on the 27th October, 2015 on a TV channel namely ARY wherein one person namely Mr. Saleem Bokhari used filthy and abusive language against not an individual Member of Parliament but against the institution of Parliament. It is correct that Article 19 of the Constitution 1973 provides for freedom of speech but it is also provided in the said Article "subject to any reasonable restriction imposed by law". Article 19 whereas guarantees the right of freedom of a citizen of Pakistan but it does not grant him a license for the use of abusive language. This is indeed a very severe question where Parliament without any cause or provocation as an institution has been abused, slandered and brought into disrepute, *stricto sens*u it would constitute a severe breach of the privilege of the Parliament and Parliament would be well within its Constitutional and legal right to proceed against such person or individual in the manner provided for under the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012.

I am grateful to the honourable Leader of the Opposition for having pointed out an observation made

by *Lord Denning* in a case pertaining to contempt of court as there is similarity in both the instances. I would quote *Lord Denning* who said, "We will not use the law of contempt to uphold our dignity. Our dignity must rest on surer foundations, namely our judgements themselves."

In the instant case judgements could be replaced by the performance and transparency of Parliament. Therefore, keeping in view the seriousness and severity of the incident and the views expressed by a majority of the Members finding final expression in the suggestions of the honourable Leader of the House and honourable Leader of the Opposition, the Secretary Senate is directed to write a letter to PEMRA conveying the gist of the discussion held in the House today and also forwarding a copy of this ruling to take action under the law and the rules against the said person who has committed contempt of Parliament under intimation to the House. The Government and in particular the Ministry of Information is directed to follow up the matter with PEMRA under intimation to this House.

In conclusion, Parliament being the custodian of the rights of the people of Pakistan and of the institutions functioning through or under the Constitution and other institutions such as the media would expect that the media itself would check in future that such incidents are not repeated and that individuals who are guilty of such acts do not find accommodation in their channels or columns. The Ruling comes to an end.

We now move on with the business before us and before we do that I would like to acknowledge, there is a group of forty students headed by the Vice Chancellor

from Balochistan University of Engineering and Technology, Khuzdar, who are sitting in the Visitors' Gallery to visit, witnessing the proceedings of the House.

میرا خیال ہے سیکرٹری صاحب، Vice Chancellor صاحب اور جو faculty کے ہیں، ان کو نیچے بٹھائیں۔

We now move on to agenda Item No.4. Agenda Item No.4 is a Calling Attention Notice which stands in the name of Senator Muhammad Usman Khan Kakar. Senator *Sahib*, please raise the issue.

Calling Attention Notice Raised by Senator Muhammad Usman Khan Kakar Regarding Irregularities Carried Out in the Recent Appointments Made Against Balochistan Quota in OGRA

Senator Muhammad Usman Khan Kakar: I would like to draw attention of the Minister-in-charge of Cabinet Division, to a matter of sufficient public importance regarding irregularities carried out in the recent appointments made against Balochistan quota in Oil and Gas Regulatory Authority (OGRA).

جناب چیئرمین! اس سے پہلے بھی مرکزی گورنمنٹ کے بعض ادارے بلوچستان کے ساتھ services میں جو زیادتی کرتے رہے ہیں، ہم نے یہاں پر بار بار نشاندہی کی ہے۔ ہمارے کوٹے کو متاثر کر رہے ہیں، جعلی ڈومیسائل کے ذریعے بلوچستان کے نام پر بھرتیاں ہو رہی ہیں۔ 50%, 60% سے زیادہ مرکزی حکومت کے جو بھی ادارے ہیں وہاں پر بلوچستان کے جوانوں کو بھرتی نہیں کیا جا رہا۔ یہاں کے جوانوں کو جعلی ڈومیسائل پر بھرتی کیا جا رہا ہے۔ متعلقہ اداروں کی طرف سے اس کا کبھی بھی نوٹس نہیں لیا گیا۔ اب مجبور ہو کر call attention notice پر ایک کیس تمام شواہد کے ساتھ پیش کر رہا ہوں۔

جناب چیئرمین! ایک Assistant Law Officer کا ٹیسٹ ہوا ہے، انٹرویو ہو چکے ہیں، جس میں بلوچستان کے سب سے پسماندہ ضلع شیرانی، بلکہ پاکستان کا پسماندہ ترین ضلع شیرانی ہے،

یہاں پر نہ ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہے، نہ وہاں پر کوئی کالج ہے، نہ وہاں پر کوئی سکول ہے،اس پسماندہ ضلع کے عبدالمالک شیرانی نے Assistant Law Officer کا ٹیسٹ دیا جس کی پوزیشن پانچویں نمبر پر ہے۔ نمبر ۲ ،اسسٹنٹ رجسٹرار کے لیے انہوں نے ٹیسٹ دیا،انٹرویو دیااور اس کی پوزیشن دوسرے نمبر پر ہے۔یہاں پر لوگوں کو appoint کیا گیا۔ تیسری پوزیشن کے لیے پھر عبدالمالک نے انٹرویو دیا، جو پہلی پوزیشن پر ہیں، ریکارڈ کے ساتھ ہے۔یہاں پر اوگرا کے head سعید صاحب نامی گرامی آفیسر ہیں، جو تعصب کرنے میں بہت مشہور ہیں۔جناب والا! Law Officer میں جو فرسٹ ہے،اس کے جو منظور نظر لوگ تھے یا ان سے جو ذاتی فوائد اس افسر کو حاصل ہوئے ہیں ، اس کو تو انہوں نے appoint کر لیا۔یہ غریب پسماندہ ضلع سے آیا ہوا نوجوان، نہ اس کا منظور نظر، ڈومیسائل کوئی اور تھا، نہ اس سے کوئی مالی فوائد حاصل ہو رہے تھے،اس پر وہ کہہ رہے ہیں کہ دوبارہ اس کو advertise کروں گا۔ Assistant Registrar کے لیے آپ نے انٹرویو لیا، ٹیسٹ لیا اس پر بھرتی کر لیے گئے ہیں،اس بندے کو بھرتی نہیں کر رہے ہیں۔ایسے آفیسر محکمے کی، حکومت کی بدنامی کا سبب بنتے ہیں کہ تعصب کی بنیاد پر یا کسی سے ذاتی فوائد حاصل نہ ہوں تو اس کے ساتھ یہ سلوک روا رکھا جاتا ہے، اس پوسٹ کو دوبارہ advertise کر رہے ہیں۔ میری گزارش ہے کہ یہ اہم کیس ہے۔یہاں پر اس آفیسر نے امانت کی پاسداری نہیں کی، میرٹ کی پاسداری نہیں کی، قانون کی پاسداری نہیں کی۔ میری وزیر صاحب سے گزارش ہے کہ اس کو آپ کمیٹی کے پاس بھجوائیں،اس پر بھی میں متفق ہوں یا وزیر صاحب اس آفیسر کے خلاف ایکشن لیں اور اس بندے کو میرٹ پر appoint کریں، ہر ادارے کو میرٹ کا خیال رکھنا چاہیے۔ یہ بہت اہم ادارہ ہے اور اس ادارے میں اگر Law Officer کی اسامی کے لیے میرٹ پر بھرتی نہیں کئے جاتے تو دوسرے ادارے کا کیا بنے گا۔ میری یہی گزارش ہے۔

جناب چیئرمین: شکریہ، کاکڑ صاحب۔ جی وزیر صاحب۔

جناب شاہد خاقان عباسی: جناب والا! گزارش یہ ہے کہ یہ آٹھ پوسٹیں تھیں جہاں پر صرف اور صرف بلوچستان کے applicants ہی apply کر سکتے تھے، کسی اور کو اجازت نہیں تھی۔ یہ 12 نومبر 2014 کو advertise کی گئیں applications 723 آئیں،ان کی جانچ پڑتال ہوئی اور 132 applications accept کی گئیں جنہوں نے written test دیا اس کے بعد انٹرویو ہوئے۔

جناب چیئرمین: یہ short list 132 ہوئے۔

جناب شاہد خاقان عباسی: جی short list ہوئے اور انہوں نے written test بھی دیا اور اس کی بنیاد پر لسٹ بنی۔ Written test میں minimum criterion جنہوں نے achieve کیا ان کا ٹیسٹ بھی ہوا اور یہ آٹھ پوسٹیں میرٹ پر fill کی گئیں۔ کاکڑ صاحب نے جو ذکر کیا ہے میں اس particular آدمی کو چیک کر لوں گا کہ ان کے کیا نمبرز تھے کیونکہ جو eventual بھرتی ہوئی وہ written and interview کو ملا کر ہوئی ہے۔ کوشش تو یہی ہے کہ میرٹ پر بھرتی ہو اور کوئی criterion کی خلاف ورزی نہ ہو لیکن ایک شکایت کی گئی ہے تو اس کو چیک کر کے ہم آپ کو بھی اطلاع کر سکتے ہیں اور standing committee میں بھی بتا سکتے ہیں کیونکہ یہ کیبنٹ ڈویژن کا معاملہ نہیں اور OGRA independent regulator ہے administratively Cabinet Division کے ماتحت آتے ہیں۔ اس معاملے کو سٹینڈنگ کمیٹی میں بھی اٹھایا جا سکتا ہے کہ دیکھا جائے اور میں اوگرا کو ہدایت بھی کروں گا کہ یہ رزلٹ اپنی Website پر ڈال دیں تاکہ ہر شخص دیکھ سکے کہ کتنے نمبر ان کو انٹرویو میں ملے ہیں اور کتنے ٹیسٹ میں ملے ہیں۔ جتنے بھی افراد بھرتی ہوئے ہیں ان کا تعلق بلوچستان سے ہے۔

جناب چیئرمین: یہ کروا دیں کہ تمام کا رزلٹ Website پر ڈلوا دیں۔ The calling attention is disposed of, the specific case جو سینیٹر کاکڑ صاحب نے اٹھایا ہے وہ specific case standing committee کو میں ریفر کر دیتا ہوں۔ اس سے پہلے کہ اگلا calling attention لیں۔

It is for the information of the House that during the sitting of the Senate held on 16th September, 2015, Senator Mohsin Aziz on his behalf and on behalf of Senator Saeed Ghani, Ilyas Ahmed Bilour and Sherry Rehman moved an adjournment motion regarding the failure of OGRA in fixing the sale price of LNG and other issues including LNG import price, inadequate regulatory provision and other related matters upon which discussion was held in the House on 3rd November, 2015.

During the winding up speech Mr. Shahid Khaqan Abbasi, Minister for Petroleum and Natural Resources stated that so far the government has imported 14 cargos of LNG. The Chair asked the Honourable Minister to lay before the House complete details regarding the price of each cargo. The Senate Secretariat has received a document containing the complete details of 14 cargos of LNG so far imported by the Pakistan State Oil Company Limited and the same is being laid on the table of the House for the information of the members. Thank you Minister for compliance. We now move on to agenda Item No. 6. Agenda Item No. 6 stands in the name of Senator Mohsin Aziz. Please move agenda Item No. 6.

Calling Attention Notice by Senator Mohsin Aziz Regarding Stopping of Improvement and Expansion Work at Passengers Terminal, Bacha Khan International Airport, Peshawar

Senator Mohsin Aziz: Thank you sir. I beg to draw the attention of the Minister Incharge of Aviation Division, to a matter of sufficient public importance regarding stopping of improvement and expansion work at passengers terminal, Bacha Khan International Airport, Peshawar.

جناب چیئرمین: وزیر صاحب! کیا آپ جواب دیں گے۔ ٹھیک ہے۔ جی عزیز صاحب، آپ بات کریں۔

سینیٹر محسن عزیز: جناب والا! جتنا میرا کمزور سا مطالعہ ہے یا حقیر سا مشاہدہ ہے اور جو تھوڑا تجربہ ہے، اس میں تو یہی دیکھا گیا ہے کہ جو ممالک ہیں، چاہے وہ developed countries ہوں، under developed countries ہوں یا least developed countries ہوں، ان میں یہ دیکھا جاتا ہے کہ کون سا صوبہ یا علاقہ development میں

پیچھے رہ گیا ہے اور وہ اس کی development کے لیے خاطر خواہ کوششیں کرتے ہیں، اگر incentives دینے پڑیں تو وہ بھی دیتے ہیں یا جو بھی طریقہ اختیار کرنا پڑتا ہے وہ کرتے ہیں۔ افسوس سے کہا جاتا ہے کہ میرے ملک پاکستان میں سوچ کچھ مختلف ہے۔ میرا صوبہ جو پہلے NWFP کہلاتا تھا اب خیبر پختونخوا کہلاتا ہے، 70 کی دہائی تک ایک پھلتا پھولتا صوبہ تھا۔ جو پاکستان کا fabric تھا infrastructure کے لحاظ سے، انڈسٹری کے لحاظ سے، agriculture کے لحاظ سے، تعلیم کے لحاظ سے سمجھ لیں، اسی طریقے سے اس کا بھی تھا لیکن اس کے بعد ایک آمر کے غلط فیصلے کی وجہ سے، ایک dictator کے غلط decision کی وجہ سے کہ ہم نے ایک super power کو face کرنا تھا اور ہمیں ایک forefront province بنا دیا گیا۔ اس وقت سے لے کر اب تک with no fault of that province, with no consent of that province یہ صوبہ آہستہ آہستہ تنزلی کی طرف جاتا رہا۔ ہمارا کلچرل fabric جو پہلے پاکستان اور complex into Pakistan کے ساتھ ملتا تھا اب وہ ایسا نہیں رہا۔ اس میں چاہے آپ انڈسٹری دیکھ لیں جو پہلے چل رہی تھی اب بند ہو چکی ہے، سکول جو پہلے تھے وہ تباہ ہو چکے ہیں، infrastructure جو پہلے تھا اب ختم ہو چکا ہے، اسی طرح باقی سلسلے بھی خراب ہو چکے ہیں۔ اس سلسلے میں آج باچا خان انٹرنیشنل ائرپورٹ کا معاملہ لے کر آیا ہوں۔

اس معاملے پر میں نے پہلے بھی ایک سوال گیارہ مئی کو کیا تھا، وزیر صاحب نے اس کا جواب بھی دیا تھا کہ اس کے لیے پانچ بلین روپے رکھے گئے ہیں، اس کا development work جلد شروع ہو جائے گا۔ سلسلہ یہی تھا کہ نیسپاک کو اس کی consultancy and designing کا کام دیا گیا، نیسپاک نے وہ complete کیا۔ اس کے بعد گیارہ مئی 2015 کو اس کی pre-qualification کے لیے ٹینڈر کئے گئے وہ ٹینڈر آ گئے۔ چار فرموں نے اس کے لیے bid داخل کیں، اس کے بعد ایک bidder کو select کیا گیا۔ Selection کے بعد formalities complete کی جا رہی تھیں اس کو successful bidder بھی قرار دے دیا گیا تھا۔ ان کا estimate 1.8 billion rupees کا تھا اس کا estimate جو اس نے construction کے لیے دیا تھا وہ بھی تقریباً اتنا ہی تھا۔

جناب والا!اس کے بعد جب یہ agreement sign ہونا تھا all of a sudden there was a change in stance and all of a sudden یہ جو صوبہ ہے جس میں infrastructure کے لیے آپ کو پیسے invest کرنے چاہییں۔ میں آپ کو بتاتا چلوں کہ وہاں کا airport was one of the first one in Pakistan. 1927 میں یہ airport establish ہوا تھا۔ آج وہاں سے 35, 40 flights بیرون ملک اور اندرون ملک جاتی ہیں۔ اس کی condition, it is pathetic. ابھی جو بس اڈے ہیں اس سے بھی خراب ہیں۔ لوگ وہاں پر آنا پسند نہیں کرتے۔ میرے کئی دوست اسلام آباد آنا پسند کرتے ہیں instead of going to Peshawar because وہاں پر تو cargo and passengers کی handling ہو ہی نہیں سکتی۔ All of a sudden اس تمام سلسلے کو لے لیا گیا اور نیسپاک نے جتنا ڈیزائن کیا تھا، جتنی consultancy کی تھی اس کو stop کر کے اب اس کو re-advertise کیا گیا ہے کہ اس کو BOT basis پر بنایا جائے گا۔ ہمارے سننے میں آیا ہے کہ ایک کوئی نیا صاحب رحیم یار خان میں پیدا ہوا ہے اس کو شاید favour کرنا چاہتے ہیں یا کیا کرنا چاہتے ہیں بہر حال اس کا کام روک دیا گیا ہے۔ جس کا مطلب ہے اگلے ایک دو سال تک اس کا کام نہیں ہو گا۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ جب اتنا کام کیا گیا، جب نیسپاک نے ڈیزائن کیا، آپ نے advertise کیا، bids آئیں، bids کو qualify کیا گیا، اس کے بعد سب چیزوں کو study کیا اس کے بعد all of a sudden a U turn is taken and again for my province. You do not want that province to be developed, that is my question. اتنی مدت گزار دی گئی۔ جب bids آئیں ان کو کیوں بعد میں cancel کر دیا گیا جبکہ acceptance ان کی ہو گئی تھی اس کے بعد آپ نے U-turn لیا۔ اب حکومت اس میں فنڈ نہیں لگا رہی ہے۔ اب آپ کہتے ہیں کہ کوئی international bidder آئے گا اور وہ اس کو build بھی کرے گا اور operate بھی کرے گا اور بعد میں پچاس سال بعد آپ کو transfer کرے گا۔ This is a complete U-turn اور میں سمجھتا ہوں کہ میرے صوبے میں زیادہ توجہ دینی چاہیے۔ آپ لاہور کا ائرپورٹ بناتے ہیں، ضرور بنائیں، ملتان کا ائرپورٹ بنا ہے اچھی بات ہے۔ میرا ملک ہے، میرا وطن ہے، اچھی بات ہے، وہاں پر بھی مسافر آتے ہیں، فیصل آباد کا بنا ہے، کراچی کا بنا ہے، میرے صوبے کا کیپیٹل ہے، اس میں فلائٹس بھی آتی ہیں، اس میں Central Asian

but it is ،جانے کے لے بہت scope ہے، باقی ملکوں میں جانے کے لیے countries
being denied of its right. میں یہاں پر یہ سوال کرنا چاہ رہا ہوں کہ اس کا مجھے
why was the tender called? Why was جواب دیا جائے کہ specific
the NESPAK asked to design and consultancy اس کو کیوں دی گئی؟
all of a sudden on the end of September ایک سال گزرنے کے بعد اس
and a new advertisement is now in کو withdraw کر دیا گیا ہے
place. میں گزارش کرتا ہوں کہ اس کے لیے specific جواب دیا جائے۔ بجٹ کی تقریر میں بھی
yes, the funds have انہوں نے categorical statement دی تھی کہ
yes, the اس سے پہلے بھی جو میرا سوال تھا اس میں بھی بتایا گیا تھا been allocated.
construction work will start soon. اس کے بعد اس کو تبدیل کیا گیا۔ میں
سمجھتا ہوں کہ یہ غلط ہو رہا ہے اس کو صحیح کرنے کی ضرورت ہے۔

جناب چیئرمین: جی وزیر صاحب۔

Mr. Shahid Khaqan Abbasi, Minister for Petroleum and Natural Resources

Mr. Shahid Khaqan Abbasi: Sir, this be the serious commitment to build a modern Airport Complex at Peshawar and the project called the improvement and expansion of Bacha Khan International Airport was conceived and processed for execution. During the execution phase it was revealed that the renovation level and alteration of the existing structure was beyond what had been initially envisaged. It is not prudent to continue with that project. So, the CAA has decided to execute a project on design, build, operate and transfer basis and offers from international design and construction firms have been invited through local and international newspapers and the last date of receipt of application is November 10 of this year. It is envisaged that the facility

had been instructed with the international standard facilities like passenger boarding, bridges, baggage handling facilities, elevators, escalators and it will be done on a fast track basis to complete the project in the least possible time. The estimated cost of the project is about 02 billion rupees and the CAA will provide these funds from its own resources. 300 million rupees have been allocated in the fiscal year 2015-16 and we hope that the project will be completed within a span of two to two and a half years depending on what kind of offers we receive. So, that is where we stand. The Government is committed to build a modern airport at Peshawar.

Mr. Chairman: The Calling Attention Notice is disposed of. Are there any points of public importance? Yes, Tirmizi *sahib*.

Point of Public Importance Raised by Senator Lt. Gen. (R) Salahuddin Tirmizi Regarding Conducting of Survey of Houses in Earthquake Hit Areas

Senator Lt. Gen. (R) Salahuddin Tirmizi: Thank you very much Mr. Chairman.

میں آپ کی توجہ حالیہ جو زلزلہ آیا تھا اس کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ سروے کرنے کے لیے ٹیمیں گئی تھیں affected area میں۔ خیبر پختونخوا کی بعض جگہیں ایسی ہیں جہاں پر برفباری ہو گئی اور وہ ٹیمیں اپنا سروے مکمل نہیں کر سکیں۔ میں یہ درخواست کروں گا کہ خاص طور پر ضلع مانسہرہ، چترال، مالاکنڈ کے بعض علاقے ایسے ہیں جہاں پر ٹیمیں اپنا سروے مکمل نہیں کر سکیں۔ ان کو directions دی جائیں اور NDMA کو کہا جائے کہ جوں ہی موسم صاف ہوتا ہے تو وہاں کا سروے کرائیں کیونکہ لاتعداد مکانات ایسے ہیں جو مکمل تباہ تو نہیں ہوئے لیکن رہنے کے قابل نہیں رہے لیکن وہ اندر سے کھوکھلے ہو چکے ہیں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: سسی پلیجو صاحبہ۔

Senator Sassui Palijo

سینیٹر سسی پلیجو: جناب چیئرمین! ایک تو لاہور میں جو عمارت کے گرنے کا واقعہ ہوا ہے اس پر دکھ اور افسوس کرتی ہوں اور اس کو investigate کیا جانا چاہیے کیونکہ اس میں بہت جانی اور مالی نقصان ہوا ہے۔ وہ بھی ہماری قوم کے بچے اور بچیاں تھیں۔ دوسری بات جناب چیئرمین! یہ ہے کہ آج OGRA کے حوالے سے بات ہوئی تو اس پر motion تو میں پیش کرنے والی ہوں لیکن اس میں میری ایک رائے ہے کہ جیسے نیپرا اور ارسا کی formation میں ہر صوبے سے ایک ممبر لیا جاتا ہے لیکن OGRA کی formation اس طرح نہیں ہے۔ It's a very important forum اس میں oil and gas کی ساری چیزیں آتی ہیں۔ بعض اوقات کیا زیادہ تر CCI کو bypass کرتے ہوئے ساری چیزوں پر OGRA one sided decision لیتا ہے اور یہ بہت ہی بھیانک چیز ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ اس میں صوبوں سے کوئی بھی رائے بڑے decisions میں نہیں لی گئی۔ میں ابھی بلوچستان گئی تو وہاں کے لوگوں کی بھی یہی رائے تھی۔ میں ایک motion لے کر آ رہی ہوں، امید ہے کہ آپ موقع دیں گے تو ضرور بات کریں گے۔ اسی OGRA کے حوالے سے کوٹے کی بات چلی ہے تو جناب آپ کو یاد ہو گا کہ میں نے ایک Calling Attention Notice کوٹے کے حوالے سے rural Sindh کا دیا تھا۔ آپ نے مہربانی کر کے اس پر بات کرنے کی اجازت دی تھی اور منسٹر صاحب نے جواب بھی دیا تھا تو آپ نے کہا تھا کہ دوسری details بھی دیں کہ کتنا کوٹا مختلف departments کے jobs کے زمرے میں ہے تو آپ نے وہ details ان سے کہا تھا کہ سینیٹ میں دی جائیں تو اس حوالے سے پوچھنا تھا کہ اس کا کیا ہوا۔

جناب چیئرمین: میں وہ پتا کر کے کل آپ کو بتا دوں گا۔ جی میر صاحب۔

Point of Public Importance Raised by Senator Mir Kabir Ahmed Muhammad Shahi on the Issue of Smuggling on Pak – Iran Border

سینیٹر میر کبیر احمد محمد شہی: بہت شکریہ، جناب چیئرمین! میری گزارش ہے کہ پہلے بھی اس issue کو اسی forum پر اٹھا چکا ہوں لیکن مجھے اس کا کوئی جواب نہیں ملا۔ افسوس اس بات کا ہے کہ اکثر و بیشتر ہم یہاں پر issues اٹھاتے ہیں لیکن وہ نشستند گفتند اور بر خاستند ہو جاتے ہیں۔ بلوچستان میں گزشتہ کافی سالوں سے ایران کے راستے تفتان بارڈر سے اور مند بارڈر سے سبزی اور فروٹ ہزاروں

لاکھوں ٹن کے حساب سے ہزاروں کنٹینروں میں خاص کر پیاز، سیب اور آلو آتا ہے جس میں دوسری سبزی ٹماٹر، مرغی اور انڈے بھی شامل ہیں۔ اس کے تین نقصان ہیں ایک تو بلوچستان کے زمیندار اس کی وجہ سے تباہ ہو گئے ہیں کیونکہ ان کی فصل کو مارکیٹ نہیں ملتی۔ ڈیڑھ سو سے دو سو روپے میں سو کلو کی پیاز کی بوری بکتی ہے کیونکہ ایران سے ان کو سستی ملتی ہے۔ ایرانی گورنمنٹ زمینداروں کو اتنا relief دیتی ہے کہ ان کو یہ سب products مفت پڑتی ہیں۔ ایک تو وہاں کے زمیندار تباہ ہو گئے ہیں ان کی معیشت ختم ہو گئی ہے، بلوچستان میں زمینداری ختم ہو گئی ہے۔ اس کے دوسرے پہلو کو دیکھا جائے کہ ہمارے ملک سے اتنی currency transfer ہو رہی ہے، جب ہم اس کو import کر رہے ہیں تو یہ جو currency جا رہی ہے اس سے ملکی معیشت پر کتنا اثر پڑ رہا ہے۔ یہ اس کا دوسرا side effect ہے جبکہ ہمارے پاس یہ وافر مقدار میں ہیں اور ہم export کر سکتے ہیں۔ اس کے باوجود ہم import کر کے اپنی معیشت کو بھی نقصان پہنچا رہے ہیں اور یہاں کے لوگوں کا معاشی قتل بھی کر رہے ہیں۔

میں دیکھ رہا ہوں کہ ہمارے ملک میں export, import کے حوالے سے بالکل کوئی علم نہیں کہ اس کو کس طرح control کیا جا سکتا ہے، کسی کو معلوم نہیں ہے۔ اگر یہ سلسلہ جاری رہا تو میں سمجھتا ہوں کہ صوبہ بلوچستان میں سبزی اور فروٹ کے حوالے سے پیداوار کا یہ سلسلہ بالکل بند ہو جائے گا۔ میں نے پہلے بھی اس forum سے گزارش کی تھی کیونکہ کل مجھے زمیندار ایکشن کمیٹی نے ٹیلیفون کیا تھا، وہ کہہ رہے تھے کہ ابھی بھی یہ سلسلہ جاری ہے اور پانچ ہزار کنٹینر اس سال وہاں سے آئے ہوئے ہیں۔ جناب چیئرمین! میں چاہتا ہوں کہ اس سلسلے کو بند ہونا چاہیے، ہماری currency باہر نہ جائے اور ملک کو اس سے فائدہ ہو۔

حال ہی میں ہم باکو گئے تھے وہاں پر ہماری سفیر نے ہمیں briefing دی۔ ہم نے ان سے پوچھا کہ ہماری trade کی کیا position ہے۔ اس نے کہا کہ میرے پاس trade attaché ہی نہیں ہے اور یقیناً باکو کے ساتھ اربوں ڈالر کا business ہو سکتا ہے لیکن اس کو کرنے والا اور چلانے والا کوئی نہیں ہے۔ اس فورم سے میری گزارش ہے کہ مہربانی فرما کر صرف نشستند، گفتند اور برخاستند کی حد تک نہ لیا جائے۔ دوسری ایک یہ عرض تھی کہ ہم جو کچھ اس فورم کے سامنے رکھتے ہیں کم از کم اتنا ہو

کہ جو کوئی بھی ذمہ دار ہے وہ سینیٹر کو اس کا تحریری یا زبانی جواب تو دیا جائے۔ ہم جو issue اٹھاتے ہیں اس کے بارے میں علم تو ہو کہ اس issue کا کیا بنا ہے۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: اس کے لیے میر صاحب میں آپ سے پہلے بھی گزارش کر چکا ہوں کہ آپ نے ابھی point of public importance پر issue اٹھا دیا ہے لیکن اس وقت کوئی آپ کو موثر جواب نہیں ملے گا۔ آپ rules کے تحت دیکھ کر جو available Parliamentary instruments آپ کے پاس ہیں اس کے تحت motion ڈالیں تاکہ منسٹر کو بھی نوٹس ہو اور منسٹری کو بھی نوٹس ہو اور وہ یہاں پر ہوں۔ آپ اپنی بات کر سکیں اور اس کا آپ کو خاطر خواہ جواب بھی مل سکے اور ان کے نوٹس میں ہو۔ میں تمام ممبرز سے یہ گزارش کروں گا کہ جب قوانین کے اندر instruments موجود ہیں تو ان کو استعمال کریں تاکہ آپ کو اس کا موثر جواب مل سکے۔ ہدایت اللہ صاحب۔

Point of Public Importance Raised by Senator Haidayat Ullah on the Relief Package of Earthquake Stricken Areas

سینیٹر ہدایت اللہ: شکریہ، جناب چیئرمین! میں حالیہ زلزلے کے مسئلے پر بات کرنا چاہتا ہوں۔ 26 تاریخ کو جب زلزلہ آیا تو میں اس وقت سے اپنے علاقے میں تھا۔ وہاں کے جو حالات ہیں وہ ناقابل بیان ہیں۔ سر پر چھت نہیں اس پر ستم ظریفی یہ کہ بارشیں شروع ہو گئی ہیں۔ کچھ علاقوں میں برف باری بھی ہو رہی ہے۔ لوگوں کی حالت بہت ہی خراب ہے۔ وزیر اعظم صاحب کے شکر گزار ہیں کہ وہ پانچ منٹ کے لیے تشریف لے کر آئے۔ ایک منٹ کے لیے تلاوت کلام پاک ہوئی، ایک منٹ میں چیک تقسیم ہوئے اور پھر وہ گاڑی میں بیٹھ کر ہمیں دعا دے کر آ گئے۔ ہم اس پر بھی ان کے شکر گزار ہیں کہ ان کے آنے سے لوگوں کے حوصلے تھوڑے بلند ہوئے کہ وزیر اعظم صاحب ہمارے پاس آئے تو سہی۔ ہم تو بڑی امیدیں لے کر بیٹھے تھے کہ فاٹا ایک strategic importance والا علاقہ ہے۔ دہشت گردی کے خلاف ہمارا علاقہ استعمال ہوتا ہے۔ Russia کے خلاف لڑائی ہوتی ہے تو ہم بے گھر ہوتے ہیں۔ حال ہی میں ہم IDPs بن کر گھر سے بے گھر ہوئے، ہمارے سارے گھر تباہ ہو گئے تھے۔ بڑی مشکل سے اپنے گھروں کی تعمیر کی اور جب وہاں پر shift ہوئے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہم پر عذاب نازل ہوا۔ جناب چیئرمین! میرے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ وہاں پر جس package کا اعلان کیا

گیا ہے، میں اس ایوان سے کہتا ہوں کہ دو لاکھ روپے سے کون سا گھر بن سکتا ہے۔ جس کا پورا گھر تباہ ہوا ہے اس کے لیے دو لاکھ روپے ہیں اور جو partially تباہ ہوا ہے اس کے لیے ایک لاکھ روپے امداد کا اعلان ہوا ہے۔ شاید ہمارے حکمرانوں کو یہ معلوم نہیں ہے کہ دو لاکھ روپے میں گائے بھینسوں کا باڑا بھی نہیں بنتا۔ آپ کس طرح کہہ سکتے ہیں کہ دو لاکھ روپے میں اپنا پورا گھر بنائیں۔ میری درخواست ہے کہ دو لاکھ کو بڑھا کر چار لاکھ کیا جائے تاکہ ایک کمرے میں مال مویشی کو باندھ سکیں اور کچھ بہت بڑی families ہوتی ہیں تو ایک کمرا بال بچوں کے لیے بن سکے۔ دوسری بات جو کچھ بھی دینا ہے خدارا جلدی دیں تاکہ لوگ اپنا سر چھپا سکیں، اپنے بیوی بچوں کو سکون سے بٹھا سکیں۔ بہت شکریہ۔

Direction of the Chairman Regarding Presence of Representatives from Disaster Management Agencies

Mr. Chairman: The Secretariat should ensure that there is a complete report which we had asked for on Tuesday and the concerned Managing Director or whatever they are known as, of these white elephants, these Disaster Management Institutions, they should be present in the gallery so that they note what the Senators are saying and at the same time if the Senators want to have an interaction with them after the sitting, they should be able to do that. Samina sahiba.

Point of Public Importance Raised by Senator Samina Abid on the Issue of Visa of the Principal of Langland School

سینیٹر ثمینہ عابد: بہت شکریہ، جناب چیئرمین! آپ کو یاد ہو گا کہ میں نے کچھ عرصہ پہلے چترال کے Langlands School کے بارے میں ان کی پرنسپل کا مسئلہ اٹھایا تھا کہ گورنمنٹ ان کا ویزا issue نہیں کر رہی ہے جس کی وجہ سے school suffer کر رہا ہے۔ آپ نے ruling بھی دی تھی کہ اس مسئلے کو حل کیا جائے اور اس کے بارے میں آپ کو مطلع کیا جائے کہ آگے کیا پیش رفت ہے ابھی تو وہ اسی طرح چل رہا ہے۔ اب وہ Langland sahib اسلام آباد reconciliation کے لیے پہنچ گئے ہیں اور چاہتے ہیں کہ Interior Minister سے ان کی

ملاقات ہو جائے تاکہ یہ مسئلہ حل ہو سکے لیکن وہ اس میں کامیاب نہیں ہو پا رہے۔ چترال سے پچاس کے قریب teachers آئے ہوئے ہیں اور وہ یہی کہہ رہے ہیں کہ بچوں کی تعلیم متاثر ہو رہی ہے، سکول کو نقصان ہو رہا ہے۔ میں ایک بار پھر آپ سے اور اس فورم سے درخواست کروں گی کہ اس کا کوئی حل نکالا جائے۔ اگر کوئی پیچیدہ مسئلہ ہے یا کوئی ایسی بات ہے کم از کم ہمیں تو confidence میں لے سکتے ہیں، ہمیں بتا دیں کہ کوئی ایسا مسئلہ ہے، اس لیے یہ نہیں ہو سکتا۔ اگر کوئی مسئلہ نہیں ہے اور آپس کا کوئی جھگڑا ہے I think it should be solved تاکہ سکول بہتر طریقے سے کام کر سکے۔

Mr. Chairman: Leader of the Opposition. You are on the same point, I know.

سینیٹر اعتزاز احسن (قائد حزب اختلاف): میں نے آپ سے عرض کیا تھا کہ میں اس بارے میں مختصراً کچھ گزارشات کرنا چاہوں گا۔ محترمہ نے بات کر دی ہے اور بنیادی طور پر بات وہی ہے۔ مجھے صرف اس بات کا اچنبھا ہوتا ہے کہ ایک پڑھی لکھی خاتون جو پہلے چترال میں پرنسپل لگی رہی ہے وہ پاکستان میں آ کر کام کرنا چاہتی ہے تو visa میں دقت ہے۔ اگر visa مشکل ہے تو امریکہ، برطانیہ اور یورپی ممالک کا مشکل ہے، پاکستان کو تو خوش آمدید کہنا چاہیے اگر کوئی یہاں آ کر کام کرنا چاہتا ہے۔ Miss Carry Schofield کی جو visa کی درخواست ہے، اس پر اگر حکومت مہربانی کرے اور جلدی کر دے۔ اس میں سکول کا مسئلہ ہے اور پاکستان کے image کا مسئلہ بھی ہے کہ اگر ہم visas deny کرتے جائیں گے، پاکستان میں پہلے ہی لوگ نہیں آنا چاہتے۔ لوگ آئیں گے، یہاں کام کریں گے، یہاں اپنے آپ کو محفوظ پائیں گے تو اس سے باہر کی دنیا میں بھی ایک بات جائے گی۔ اس علاقے میں tourism ختم ہو چکا ہے جو کہ tourists کے لیے خاص علاقہ تھا۔ جو آنا چاہ رہی ہیں، ان کی کاوش کو سہل کرنا چاہیے اور سہولت مہیا کرنی چاہیے۔

جناب چیئرمین: آپ بالکل درست فرما رہے ہیں۔

The Minister of State for Interior made a statement that they are in the process of doing it and he would keep the House abreast and inform but during the last session, he was not present and I have been told by the honourable Leader of the House that perhaps he was away. The Secretariat would kindly ensure that on Monday the

Interior Minister informs the House as to what is the progress and if the visa has not been issued, then what are the reasons for not issuing it. Shahi Sayed Sahib.

Point of Public Importance Raised by Senator Shahi Syed Regarding Rehabilitation and Development Work in Earthquake Hit Areas

سینیٹر شاہی سید: شکریہ۔ میں point of order پر سینیٹر ہدایت اللہ صاحب کی طرح زلزلے کے بارے میں بات کروں گا۔ میں کل سوات گیا تھا، ہم مدین تک گئے۔ دو باتیں ہیں کہ وہاں پر نقصانات بہت زیادہ ہیں جب کہ لوگ کم بتا رہے ہیں۔ دوسرا ان لوگوں کو جو امداد اور چیزیں دی جا رہی ہیں وہ بہت ہی کم ہیں۔ دو لاکھ روپے میں کیا ہو گا یا پچاس ہزار روپے سے کیا علاج ہو گا؟ میں یہ چیز point out کرنا چاہتا تھا اور میں نے تجزیہ کیا ہے کہ وہاں پر زلزلے کی وجوہات میں سے main یہ ہے کہ ہم لوگ بے حس ہو گئے ہیں۔ وہ جنت نظیر علاقہ جو اللہ نے ہمیں Switzerland کے مقابلے میں دیا ہے، ہم نے اس کو ignore کر دیا تب ہی اللہ تعالیٰ نے وہاں پر زیادہ جھٹکے دیے تاکہ ہمیں احساس ہو اور ہم اس کو Paris بنائیں۔ وہاں پر بجلی پیدا کرنے کے بہت مواقع ہیں، سڑک بنانے کے لیے صرف مشین چلائیں تو نیچے پتھر ہیں اور بہت کم پیسوں سے وہ علاقہ develop ہو سکتا ہے۔ اگر ہم زلزلے کو مد نظر رکھ کر اس پر توجہ دیں تو وہ علاقہ Switzerland بن جائے گا اور زیادہ خرچ کر کے دور جانے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔

جناب چیئرمین: عزیز صاحب۔

Point of Public Importance Raised by Senator Mohsin Aziz Regarding Withholding Tax on Withdrawal from Banks

سینیٹر محسن عزیز: جناب! میں توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ 2015-16 کے بجٹ میں ایک نیا tax لگایا گیا تھا جس کو withholding tax on withdrawal کہا گیا تھا۔ وہ tax یہ تھا کہ جتنی بھی bank withdrawals ہوں گی، ان پر پہلے 6%. بتایا گیا تھا، جب agitation ہوا تو اس کو فی الحال 3%. کر دیا گیا ہے لیکن اس میں قباحت یہ ہے کہ کہا گیا تھا non filers کے account سے جو withdrawals ہوں گی، یہ tax اس سے کاٹا جائے گا۔ Right or

wrong اس پر agitation ہو رہا ہے کہ نہیں لگنا چاہیے، یہ کس طرح اور کیوں withholding tax لگائے جائے رہے ہیں؟ کیوں direct taxation نہیں ہو رہی؟ یہ ایک علیحدہ subject ہے لیکن میں ابھی یہ point raise کرنا چاہ رہا ہوں کہ جو دکاندار tax payers یعنی filers بھی ہیں، یہ ان کے account سے بھی کاٹا جا رہا ہے۔ یہ ایک anomaly ہے اور وہ اپنی commitment کے مطابق بھی نہیں چل رہے اور banks withdrawal پر کاٹ رہے ہیں۔

Mr. Chairman: Aziz Sahib, can I suggest

آپ نے بڑا relevant issue raise کیا ہے and a lot of people are affected. آپ مہربانی کر کے calling attention notice دیں تاکہ there is a Minister, there is the ministry on notice and they know about it and they hear this grievance and they take appropriate action. Kakar Sahib.

Point of Public Importance Raised by Senator Muhammad Usman Khan Kakar Regarding Issue of Palestine

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: جناب چیئرمین! میں public importance کے حوالے سے ایک issue پر بات کرنا چاہتا ہوں۔ اس issue کا ہمارے ملک کے عوام سے بڑا تعلق ہے۔ فلسطین کی آج کل جو صورت حال ہے میں اس پر بات کرنا چاہتا ہوں اور ایوان کی توجہ اس طرف دلانا چاہتا ہوں۔ جناب! سب کو معلوم ہے کہ فلسطین قبلہ اوّل ہے بلکہ مختلف مذہبوں کی جنم بھومی ہے اور فلسطین کے عوام کئی دہائیوں سے مختلف مصائب جھیل رہے ہیں۔ لاتعداد شہداء، بے شمار زخمی۔ اگر سارے فلسطینیوں کے بطور refugees مختلف ممالک میں دن شمار کریں تو لاکھوں سال بنتے ہیں۔ ان کے ساتھ جو کچھ کر رہا ہے، وہ اسرائیل کر رہا ہے اور ساری دنیا کی استعماری اور سامراجی قوتیں اس کی پشت پر کھڑی ہیں۔ دوست، دشمن سب معلوم ہیں مگر فلسطین کے مسئلے کو بعض اسلامی ممالک سیاست اور اپنے مفادات کے لیے استعمال کر رہے ہیں۔ ان کی ان لوگوں سے ہمدردی ہے یا نہیں مگر ان لوگوں کے ساتھ جو ظلم ہو رہا ہے، بعض اسلامی ممالک اس کو استعمال کر رہے ہیں exploit کر رہے ہیں۔

فلسطین کے حوالے سے سب سے افسوس ناک پہلو یہ ہے کہ فلسطین کے لیے PLO اور یاسر عرفات نے بہت محنت اور جدوجہد کی ہے۔ جارج حباش جو خود مسلمان نہیں تھا، اس نے فلسطین کی آزادی کے لیے بہت جدوجہد کی ہے۔ دنیا میں آزادی کی مشہور تحریکوں میں فلسطین کی تحریک تھی مگر اب فلسطین کی آزادی کی تحریک صفر پر آ گئی ہے۔ اس سال ہمیں خوشی ہے کہ فلسطین کا جھنڈا اقوام متحدہ میں لہرایا گیا ہے مگر اس کو آزادی نصیب نہیں ہوئی ہے۔ میں توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ بعض ممالک جو اپنے آپ کو اسلامی دنیا کا سرخیل کہتے ہیں، درپردہ نئے strategic allies یا اتحاد بن رہے ہیں۔ کس کے ساتھ؟ اسرائیل کے ساتھ۔ کس کے خلاف، اسرائیل کس کے خلاف ہے؟ یہ ہم سب کو معلوم ہے کہ اسرائیل کس کے خلاف ہے لہذا ہماری حکومت کی خارجہ پالیسی میں بجائے عرب شاہان کے فلسطین کو بہت زیادہ اہمیت دی جانی چاہیے کیونکہ عرب بادشاہ ہیں۔ بجائے ان کے فلسطین کی سرزمین اور عوام کو خارجہ پالیسی میں اوّلیت دینی چاہیے۔ اب بھی اسرائیلیوں نے فلسطینیوں کے خلاف action کیا۔ نتیجتاً شہدا، جیل، بمباری مگر افسوس کی بات ہے کہ ہمارے ملک کا سرکاری اور private media اس کو نظرانداز کر رہا ہے۔ یہ نئی جنگ جو اسرائیل نے فلسطینیوں کے خلاف شروع کی ہے، media اس کو اس طرح نہیں لے رہا، جس طرح لینا چاہیے، وہ چاہے print media ہو یا electronic media ہو، اس کو لینا چاہیے تھا، جو نہیں لے رہے۔ لہذا جو نئے strategic partners ہیں، ہمیں ان کے خلاف آواز اٹھانی چاہیے۔ میں یہ کہتا ہوں کہ ہمارے ملک کو اس نئی strategic partnership میں حصہ دار نہیں ہونا چاہیے، قطعاً نہیں ہونا چاہیے۔ اس سے ہمارے ملک، فلسطین اور اس خطے کی بہت بربادی ہوگی کیونکہ تقریباً بیس دن یا ایک مہینہ پہلے اسرائیل کے صدر نے اقوام متحدہ میں جو تقریر کی، اس کو پڑھنا چاہیے۔ اس نے کیا کہا، اس کی تقریر بہت واضح اور aggressive تھی۔ اس نے نہ اپنے عزائم چھپائے اور نہ اس سے دست بردار ہوا ہے بلکہ وہ action کے لیے تیار ہے۔ لہذا میری گزارش ہے کہ ہماری state کو واضح خطوط پر چلنا چاہیے، صرف نام کی حد تک فلسطین، مظلوم، شہید، یہ نہیں ہونا چاہیے جیسے دوسرے اسلامی ممالک کر رہے ہیں، وہ جس طریقے سے فلسطین کو exploit کر رہے ہیں کہ صرف سالانہ چند ڈالر دے کر یہ کہہ رہے ہیں کہ ہم نے فلسطین کو fund دیا ہے، ہم نے فلسطین کے حوالے سے یہ کیا ہے۔ فلسطین کے حوالے سے اقوام متحدہ میں جو issues آتے ہیں، پاکستان کو ان پر بالکل واضح stand لینا چاہیے۔ عرب دنیا

میں سب فلسطین کے allies بن رہے ہیں۔ جناب! میری یہ گزارش ہے کہ یہ بہت اہم issue ہے جسے media کو اہمیت دینی چاہیے۔

جناب چیئرمین: آپ کی بات بالکل صحیح ہے یہ بہت اہم مسئلہ ہے۔ فلسطینی عوام کی جدوجہد کو یقینی طور پر ہر جمہوریت پسند سلام کرتا ہے اور آپ کی یہ بات بھی درست ہے کہ مسلم ممالک سے اس کو جو support ملنی چاہیے تھی، وہ نہیں مل رہی۔ جی سردار صاحب۔

سینیٹر سردار محمد اعظم خان موسیٰ خیل: شکریہ جناب چیئرمین! Zero Hour میں، میں یہ گزارش کروں گا کہ 10 اکتوبر 2015 کو میں نے تین سوال دیے تھے جن کے نمبر یہ ہیں، سوال نمبر 78، سوال نمبر 80 اور 81۔۔۔۔۔۔

جناب چیئرمین: سردار صاحب! سیکرٹریٹ کے متعلق یہ معاملات ہیں، ابھی House adjourn ہوتا ہے تو آپ میرے پاس تشریف لے آئیں وہاں پر آپ کے یہ issues دیکھ لیتا ہوں۔ سیکرٹریٹ کے حوالے سے معاملات یہاں نہیں ہو سکتے۔ شکریہ۔

The House stands adjourned to meet again on Friday, the 6th November, 2015 at 10.00 a.m.

[The House was then adjourned to meet again on Friday, the 6th November, 2015 at 10.00.a.m.]

Index

Mr. Ahsan Iqbal 2, 25, 50, 55
Mr. Ghulam Murtaza Khan Jatoi 24, 33
Mr. Shahid Khaqan Abbasi 17, 18, 62, 86
Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi 8, 11, 17, 36, 74
Senator Farhatullah Babar 76
Senator Kalsoom Parveen 25, 34
Senator Kamil Ali Agha 54
Senator Karim Ahmed Khawaja 42, 46, 56
Senator Lt. Gen. (R) Salahuddin Tirmizi 87
Senator Mohammad Ishaq Dar 4, 10, 11, 21, 23, 35, 38, 40, 42, 46, 54, 57
Senator Mohsin Aziz 38, 39, 83
Senator Muhammad Usman Khan Kakar 3, 80
Senator Nisar Muhammad 50, 55
Senator Nuzhat Sadiq 2
Senator Rahila Magsi 10
Senator Samina Abid 20, 21
Senator Sirajul Haq 22, 33
جناب شاہد خاقان عباسی .....
.....5, 6, 7, 19, 20, 21, 36, 37, 38, 43, 44, 45, 46, 47, 48, 49, 57, 59, 81, 82
سینیٹر اعتزاز احسن 92
سینیٹر اقبال ظفر جھگڑا 67
سینیٹر تاج حیدر 18, 45, 46, 48
سینیٹر ثمینہ عابد 60, 91
سینیٹر چوہدری اعتزاز احسن 67
سینیٹر راجہ محمد ظفرالحق 61, 70
سینیٹر سردار محمد اعظم خان موسیٰ خیل 5, 6, 22, 71, 96
سینیٹر سسی پلیجو 88
سینیٹر شاہی سید 19, 61, 63, 75, 93
سینیٹر کرنل(ر) سید طاہر حسین مشہدی 31, 48, 58, 64
سینیٹر کریم احمد خواجہ 42, 47, 57, 64
سینیٹر کلثوم پروین 6, 29, 35
سینیٹر لفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) عبدالقیوم 75
سینیٹر محسن عزیز 77, 83, 93

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ 4, 30, 37, 44, 65, 70, 94
سینیٹر محمد علی خان سیف 9
سینیٹر محمد محسن خان لغاری 32
سینیٹر مشاہد اللہ خان 69
سینیٹر میاں محمد عتیق شیخ 7
سینیٹر میر کبیر احمد محمد شہی 43, 47, 73, 88
سینیٹر ہدایت اللہ 20, 90
لفٹیننٹ جنرل(ر)عبدالقادربلوچ 29, 30, 31, 32, 66, 72